اٹھ کہ اب بزم جہاں کا اور ہی انداز ہے
مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے (اقبال)

اینگلو عربک گرلز ہائی اسکول
میگزین

جلد اول — ستمبر ۱۹۴۳ء — شمارہ چہارم

مجلس ادارت:

[illegible]

فہرستِ مضامین

اعلان

ہمارے پاس چونکہ مضامین کثیر تعداد میں وصول ہوئے ہیں اس لئے قلتِ جگہ کے باعث بہت سے مضامین شائع نہ ہو سکے۔ جن طالبات کو اپنا مضمون اس نمبر میں نظر نہ آئے اُن کو مایوس نہ ہونا چاہئے۔ انشاء اللہ اُن کا مضمون معیار پر پورا اُترنے پر آئندہ نمبر میں شائع کیا جائے گا۔ مجلس ادارت اُن تمام لڑکیوں کا شکریہ ادا کرتی ہے جنھوں نے میگزین ھٰذا کے لئے مضامین ارسال کئے۔ اور میگزین ھٰذا کو کامیاب بنانے کی کوشش کر رہی ہیں

نگران

التسعی منّی والاتمام من اللہ

معروضات

ترے علم و محبت کی نہیں ہے انتہا کوئی
نہیں ہے تجھ سے بڑھ کر سازِ فطرت میں نوا کوئی (اقبال)

ہمارے میگزین کا چوتھا نمبر خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے تعطیلاتِ کلاں کے باعث ماہِ ستمبر ۱۹۴۱ء میں شائع ہو رہا ہے دہلی کے طبقۂ نسواں نے جس قدر ہمارے میگزین کی اور حلقۂ ادارت کی قدر افزائی فرمائی ہے وہ ہمارے لئے ہر طرح باعثِ فخر و مباہات ہے میں حلقۂ ادارت کی جانب سے ان تمام بہنوں کا شکریہ ادا کرتی ہوں جنھوں نے درمے وقدمے میگزین ھذا کی امداد فرمائی ہے۔

ہمارے میگزین کے گذشتہ نمبر پر دہلی کے نہایت موقر اور کثیر الاشاعت اخبار "انجام" نے تنقید کرکے ہمیں ممنون کیا ہے۔ جس کے لئے اخبار مذکور کا پُر خلوص شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔ یہ دیکھکر گونہ مسرت ہوئی ہے کہ نہ صرف مقامی جرائد ترقیِ نسواں سے نہایت دلچسپی رکھتے ہیں بلکہ صحیح معنوں میں طبقۂ نسواں کی فلاح و بہبود اور تعلیمی ترقی کے خواہاں ہیں۔

میگزین ھذا کی آئندہ ترقی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے یہ بے جا نہ ہوگا اگر میں طالباتِ سکول و ناظرین میگزین کی توجہ اس جانب مبذول کروں کہ آئندہ سے میگزین ھذا کے حصۂ اُردو کے تین حصے ہونگے۔ حصۂ اوّل علمی۔ حصۂ دوم مذہبی اور حصۂ سوم ادبی ہوگا۔ اس لئے جملہ طالبات سے استدعا ہے کہ وہ اس تقسیم کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہر سہ قسم یعنی علمی، مذہبی اور ادبی مضامین تحریر کریں۔ صرف ادبی مضامین یعنی لطائف اور افسانوں وغیرہ کی بھرمار ایک گرلز سکول کے لئے نسبتاً اس قدر موزوں نہ ہوگی۔ جس قدر ہر سہ مضامین کا بہ حصۂ متناسب میگزین ھذا میں زینتِ اوراق ہونا۔ علاوہ ازیں علمی اور مذہبی مضامین کا میگزین میں درج ہونا میگزین کو اسکول کی زندگی و تعلیم کا صحیح آئینہ بنانے کے لئے نہایت ضروری ہے۔ نیز یہ امر بھی قابلِ توجہ ہے کہ ہر مضمون صاف اور خوشخط پورے کاغذ پر ایک سطر چھوڑ کر لکھنا چاہئے اور کوشش کرنی چاہئے کہ مضامین لکھنے کے بعد خود بھی اس پر نظرِ ثانی کریں اور املا وغیرہ کی غلطیاں اور الفاظ کی بھول چوک درست کریں تاکہ مجلسِ ادارت کے فرائض میں بجائے زیادتی کے کمی واقع ہو اور مجلس ادارت اپنے وقت اور توجہات کو میگزین کی ترقی دینے میں صرف کر سکے۔

ان امور سے زیادہ ضروری امر جو مضمون نگار طالبات کے گوش گذار کرنا چاہتی ہوں وہ یہ ہے کہ جو مضمون تم مجلس ادارت کو اشاعت کے لئے دو وہ صحیح معنوں میں تمھاری کاوشِ ذہنی اور معلومات کا نتیجہ ہونا چاہئے۔ اس میں شک نہیں کہ مضمون محنت سے لکھ لینے کے بعد اپنی اُستانیوں سے یا اپنے والدین اور بھائی بہنوں وغیرہ سے اصلاح لینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ لیکن ایسا ہرگز نہ ہونا چاہئے کہ سب کا سب مضمون کسی دوسرے شخص سے لکھوا کر برائے اشاعت بھیج دیا جائے۔ یہ نہ صرف علمی دیانت کے خلاف ہے بلکہ کسی نے خوب

نہا ہے کہ سہ   حقا کہ با عقوبتِ دوزخ برابر است

رفتن بہ پائے مردیِ ہمسایہ در بہشت

میں مجلسِ ادارت کی جانب سے دوبارہ اعلان کرتی ہوں کہ آئندہ سے میگزین ھٰذا کی اشاعت کے لئے صرف اُن مضامین کو ترجیح دی جائے گی جو طالبات کی محنت، شوق اور کاوش کا نتیجہ ہونگے۔ میگزین ھٰذا کے مضامین کے انتخاب کا معیار خدا کا شکر ہے کہ ابتک یہی قائم رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔

اس رحمان و رحیم خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہمارے اسکول کی زندگی کا نیا تعلیمی سال نہایت اُمید افزا اور شاندار انداز سے شروع ہو رہا ہے۔ امسال تعدادِ طالبات ۱۲۵ سے زائد ہے اور داخلہ برابر جاری ہے۔ میں نہایت مسرت اور فخر کے ساتھ اس حقیقت کو ظاہر کرنا چاہتی ہوں کہ یہ سب کچھ ہماری لائق اور قابلِ فخر ہیڈ مسٹرس مس محمودہ بانو انصاری کی اَن تھک کوشش اور اسکول کے مفاد کے لئے لامحدود ریاضت و محنت کا نتیجہ ہے۔ گذشتہ سالوں میں تعدادِ طالبات کبھی سو سے زائد نہ ہو سکی اور اب چالیس فی صدی ہو چکی ہے۔ ہمارے سکول کے میٹرک کا نتیجہ امسال صحیح معنوں میں شاندار رہا۔ گذشتہ سالوں میں پانچ چھ سے زیادہ طالبات امتحان میں شریک نہ ہوئی تھیں۔ پھر بھی نتیجہ ½ ۸۷ فی صدی کبھی نہیں رہا۔

گذشتہ امتحان میٹرک میں اسکول سے پندرہ طالبات شریک ہوئیں اور تیرہ کامیاب ہوئیں۔ یعنی نہ صرف نتیجہ ½ ۸۶ فی صدی رہا بلکہ اسکول صوبہ دہلی میں نتیجہ کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر رہا۔

ہم کو اپنے سکول کی ایک طالبہ کا مضمون ء ربک کالج میگزین میں پاکر مسرت بھی ہوئی اور تعجب بھی۔ مسرت اس امر پر کہ یہ جرأت نہایت لائقِ تحسین ہے۔ اور تعجب اس امر پر کہ مضمون مذکور میں جہاں اسکول کی ترقی کا ذکر کیا گیا ہے وہاں خاص طور سے میگزین ھٰذا کے اجراء سے متعلق خاموشی اختیار کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں انجمن تاریخ کے اجراء کی تاریخ غلط اور خلافِ واقعہ بیان کی گئی ہے۔ میں اس امر کو قطعاً واضح کر دینا چاہتی ہوں کہ انجمن تاریخ کا اسکول ھٰذا میں اجراء۔ ڈیبیٹنگ سوسائیٹی اسکول ھٰذا کا اپنے فرائض صحیح معنوں میں شروع کر دینا۔ دینیات اور اسکول میں باقاعدہ حاضری پر انعامات مقرر ہونا۔ میگزین کے بہترین مضامین پر انعام دیا جانا یہ سب کچھ اس وقت سے شروع ہوا ہے جب سے مس محمودہ بانو انصاری نے ہیڈ مسٹرس کے عہدہ کا چارج لیا ہے اور یہ قطعاً احسان فراموشی ہوگی اگر ہم حقیقی معنوں میں محترمہ مس انصاری صاحبہ کے تہ دل سے ممنون نہ ہوں۔ میں آخر میں مسٹر انیس احمد رشدی ایم، اے بار ایٹ لاء سکریٹری اسکول ہٰذا کا بھی دل سے شکریہ ادا کرتی ہوں۔ موصوف نے اسکول کے انتظامی معاملات کو نہایت خوبی سے انجام دیا ہے۔ موسم گرما میں برقی پنکھوں کے انتظام سے اساتذہ اور طالبات دونوں کو گرمی کے سخت موسم میں بے حد آرام ملا۔ جس کے لئے دونوں نہایت ممنون ہیں۔

(نگران)

۷۸۶

پیغامِ تنویر

از محمودہ تنویر دہلی

تا بکے اے دخترِ خوابیدۂ غفلت تا بکے
یہ تری وارفتگی، یہ عیش و عشرت تابکے

اپنی تاریخِ گذشتہ پر بھی ڈالی ہے نظر
اپنی موجودہ روش کا بھی ہے کچھ تجھ پر اثر

تھا مسلم اک زمانے میں ترا طرزِ عمل
ہیں تری ممنونِ احساں اب بھی اقوام و ملل

ذرّے ذرّے پر جہاں کے بادشاہت تو نے کی
درحقیقت قلبِ انساں پر حکومت تو نے کی

بے تکلف راہِ حق میں سر کئے اپنے قلم
موجۂ آبِ رواں پر تو نے لہرائے علم

رفتہ رفتہ ڈھل چکا ہے یوں ترا عہدِ شباب
ابر کے ٹکڑوں میں چھپ جاتا ہی جیسے آفتاب

اہلِ دنیا کو ابھی تیرے فسانے یاد ہیں
راہِ حق میں جو لٹائے تھے خزانے یاد ہیں

آج خدمت قوم کی دھبہ ہے تیری شان پر
تو وہی ہے کھیل جاتی تھی جو اپنی جان پر

اڑ رہی ہیں غیر قومیں اب ہوا کے دوش پر
تیری عزت بھی کبھی آئے گی آخر جوش پر

غم نہ کر اس حال میں بھی خود سنبھل سکتی ہے تو
زورِ ہمت سے رخِ قسمت بدل سکتی ہے تو

درسگاہِ طبقۂ نسواں کا کیا مشکل قیام
تو اگر چاہے بدل سکتی ہے دنیا کا نظام

شہر دہلی میں ہے یہ واحد زنانی درسگاہ
ہر مسلماں پر ہے لازم ہو وہ اس کا خیر خواہ

اُٹھ خدا کے واسطے اسکول کی امداد کر — کچھ تو اپنی قوم کو افلاس سے آزاد کر
آ، مس انصاری کے ذوق و شوق کی تقلید کر — آ مس انصاری کی ہر تجویز کی تائید کر
پیکرِ علم و عمل بن عیش سے بیزار ہو — خدمتِ قومی کی خاطر آہنی دیوار ہو
زندگی کے باب میں آج اِس قدر ترمیم کر — تجھ سے مس عارفؔ کی جتنی ہو سکے تعظیم کر
آج اُن کو اپنے عیشِ جاودانی سونپ دے — ہو سکے تجھ سے تو اپنی زندگانی سونپ دے
کوششوں پر مس قریشی کی بھی کر اِک دن نگاہ — اور پھر تجویز کر اپنے لئے ایسی ہی راہ
دقتیں ہی دقتیں ہوں جس میں آسانی نہ ہو — ہو مفادِ قوم دل میں بات من مانی نہ ہو
پھر توجہ کر مسز شاغل کے ہر ایثار پر — اور اُچٹتی سی نظر اِک اپنے بھی کردار پر
اِس طرح اسکول کی امداد صبح و شام کر — اِک نظر آغاز پر ہو اِک نظر انجام پر
صابرہ آپا سے نظم و ضبط کے اطوار سیکھ — مدرسے کے واسطے آرام چھوڑ آزار سیکھ
رفعتؔ آپا سے بلندی تخیل سیکھ لے — زندگی کے راز و تغیر و تبدل سیکھ لے
مدرسے کے واسطے غیروں میں سر نیچا نہ کر — جان کی بھی گر ضرورت ہو تو کچھ پروا نہ کر

تجھ سے وابستہ ابھی تک حسرتِ تنویر ہے
مدرسہ اِک خواب ہے تو خواب کی تعبیر ہے

12/5/41

مطالعۂ کُتب

مطالعہ کُتب ہماری مہذب زندگی کا بہترین مشغلہ اور ہماری ذہنی ارتقاء و تربیت کا افضل ترین ذریعہ ہے۔ اس آفات ومشکلات سے معمور دُنیا میں میرے نزدیک انتہائی تکلف اور عیش اس سے بڑھ کر نہیں ہوسکتا کہ انسان کے پاس مفید اور دلچسپ کتابوں کا کافی ذخیرہ ہو اور ان کے مطالعہ کے لئے کافی وقت۔ کسی نے خوب کہا ہے "فراغتے وکتابے وگوشۂ چمنے"

لیکن اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر مطالعہ پر وقت صرف کیا جائے تو اس کو مفید سے مفید ترین بنانے کا اسلوب کیا ہوسکتا ہے۔ باقیماندہ سطور میں راقم الحروف نے اس سوال کا جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ گر قبول اُفتد زہے عزوشرف

پہلا سوال یہ ہے کہ مطالعہ تنقیدی نگاہ سے کیا جائے۔ بعض مصنفین کا طرزِ تحریر اس قدر برجستہ اور قوتِ استدلال اس قدر پختہ ہوتی ہے کہ پڑھنے والوں کو اُن کے خیالات کا حامی ہونا ہی پڑتا ہے۔ اس قسم کے اہلِ قلم اپنے ہر نظریہ کو خواہ وہ درست ہو خواہ غلط، اپنے مطالعہ کرنے والے سے منوا ہی لیتے ہیں۔ اسی طرح بعض ایسے ہوتے ہیں کہ جن کی طرزِ تحریر ہی اُن کے لئے جلائے جان ہوتی ہے۔ ان کے خیالات صاف ہوتے ہیں مگر مشکل یہ ہوتی ہے کہ ہر ایک اس کو سمجھنے سے قاصر رہتا ہے۔ کیونکہ اس کی عبارت پیچیدہ اور مشکل ہوتی ہے۔ اس وجہ سے پڑھنے والا گھبرا جاتا ہے۔ اس دوسری قسم کے اہلِ قلم کی صف میں انگریزی کا مشہور ادیب کارلائل بہت نمایاں ہے۔ اس کے جیسے خیالات شاید ہی کسی کے ہوتے ہوں۔ مگر اس کی طرزِ تحریر اس قدر اُلجھی ہوئی ہوتی ہے کہ پڑھنے والا اس کا ہمنوا نہیں ہوسکتا۔ اس کے برخلاف مشہور امریکن ادیب ایمرسن ہے۔ اس کے خیالات اور پیرایہ دونوں اس قدر مرغوب ہیں کہ اس کی تحریر پر عبور حاصل کرنے کے بعد ہر شخص اس کا ہمنوا بن جاتا ہے۔ علاوہ ازیں مصنف درست راستہ پر ہے یا غلط راہ پر۔ تنقیدی نگاہ سے مطالعہ کرنے والے ایسے شخص کی تحریر پڑھنے کے بعد فوراً سوال کریں گے کہ مصنف کچھ کہنا بھی چاہتا ہے یا نہیں؟ اس کو اگر اس کا جواب تسلی بخش مل جائے گا تو وہ سمجھے گا کہ یہ اہلِ قلم میرے مایۂ علم میں کچھ اضافہ کر سکے گا۔ ورنہ بصورتِ دیگر نہیں۔ صاحبِ تحریر کا مفہوم سمجھنے کے بعد یہ آسان ہو جاتا ہے کہ اس پر اعتماد کیا جا سکے۔ اور اس کے اقوال کی سچائی کے متعلق کچھ چھان بین ہو سکے۔

غالباً یہ بہتر ہو گا کہ اس سلسلے میں چند عملی اشارات بھی پیش کر دیئے جائیں:-

اگر زیرِ مطالعہ تاریخ کا مضمون ہو تو مندرجہ ذیل اُمور دیکھنے چاہئیں:-

(۱) کتاب کے ماخذ اور مصنفین کی اخذ کرنے کی قابلیت۔ (۲) طرزِ تحریر صاف ہے یا پیچیدہ (۳) اسناد

اور طرزِ استدلال۔ (۴) کتاب کی تحریر کو تاریخ کے بنیادی اصولوں سے کہاں تک وابستگی ہے۔ (۵) موجودہ حالات پر کتاب کا کیا اثر ہوگا۔

اگر کوئی ناول یا ڈرامہ ہو تو یہ باتیں پیشِ نظر ہونی چاہئیں:-

(۱) مضمون اور پلاٹ (۲) کردار۔ عادات وخصائل۔ ایک دوسرے سے تعلق اور تقابل و غرض و غایت۔ وغیرہ
یہ صرف اشارات ہیں۔ انھیں بنیادوں پر کچھ تعمیر کیا جا سکتا ہے۔
اصل معنوں میں بہت کم لوگ کتابوں سے (خواہ وہ خریدی ہوئی ہوں یا عاریتاً لی ہوئی) حقیقی فائدہ اٹھاتے ہیں۔ یہ یاد رکھنا چاہیے کہ صرف ایک بار پڑھ لینے سے مطالعہ پورا نہیں ہو جاتا۔ یہ ممکن ہے کہ سرسری طور پر پڑھنے سے کوئی بات ذہن میں رہ جائے۔ مگر غور سے مطالعہ کرنے سے قابلیت میں بہت زیادہ اضافہ ہوتا ہے۔ دوسری بات جس کا مطالعہ کرتے وقت خیال رکھنا چاہیے۔ وہ یہ ہے کہ مطالعہ میں جان ڈالی جائے۔ ایمرسن ایک جگہ لکھتا ہے کہ

"جب انسان کا دماغ جولانیوں پر ہو تو زیرِ مطالعہ کتاب کے صفحات دلچسپیوں سے لبریز نظر آنے لگتے ہیں۔ ہر فقرہ اہم معلوم ہوتا ہے اور مصنف کے معانی و مطالب وسیع ہو کر تمام دنیا پر چھا جاتے ہیں۔"

واقعہ یہ ہے کہ ایسی حالت ہر وقت پیدا کی جا سکتی ہے اور اس کے پیدا کرنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ پڑھتے وقت مصنف کے خیالات کا سلسلہ اپنے ان گذشتہ خیالات سے ملا لیا جائے جو ہمارے ذہن میں یقین کی صورت اختیار کر چکے ہیں۔ نیز سلسلہ ہائے خیال کے اختلاف اور یکسانیت پر نگاہ رکھی جائے۔ اور جو نکات گذشتہ سرمایۂ علم و عقل میں ایزادی کا باعث ہوں انھیں جمع کر کے اس پر غور کیا جائے کہ آخر کیوں ہمارا دماغ اب تک ان حقائق کو جذب کرنے سے قاصر رہا۔

گبن جس نے روما کے عروج و زوال کی تاریخ مرتب کی ہے انگریزی ادب میں غیر فانی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ اپنی خود نوشت سوانح عمری میں اپنے طرزِ مطالعہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ "کسی نئی کتاب کے سرورق پر نظر ڈالنے کے بعد میں رُک جاتا ہوں اور اس وقت تک مطالعہ نہیں شروع کرتا جب تک اپنی معلومات کا جائزہ نہیں لے لیتا۔ جو اس کتاب کے نفسِ مضمون کے متعلق میرے دماغ میں ہیں۔ اور اس کے بعد میں کتاب کی ہر ایک سطر کو نہایت شوق سے پڑھتا ہوں اور ختم کرنے کے بعد یہ دیکھتا ہوں کہ مصنف نے میرے علم میں کتنا اضافہ کیا ہے؟ بعض اوقات میں یہ محسوس کر کے خوش ہوتا ہوں کہ میں نے کچھ نہ کچھ حاصل کر لیا ہے اور بعض اوقات میں افسردگی کے ساتھ یہ کہہ اٹھتا ہوں کہ افسوس! محنت ضائع گئی۔"

مطالعہ کا یہ طریقہ نہایت عمدہ ہے۔ مگر ایک اور دشوار طریقہ ہے اور وہ یہ ہے کہ ہر نئے خیال کے لئے پہلے اس کی موزوں جگہ تلاش کی جائے۔ فرض کرو ایک آدمی دو کتابیں پڑھتا ہے۔ ایک درختوں کی کاشت پر اور دوسری شہری زندگی کی بابت۔ اور اب اگر وہ پت جھڑ اور حفظانِ صحت کے تعلق کو نہیں سمجھ سکا تو اس کے سوائے اور کیا کہا جائے گا کہ اس نے پہلی کتاب کے واقعات کو ذہن میں محفوظ نہیں رکھا۔ اس لئے دوسری کتاب سے اخذ کردہ خیالات کے ساتھ یکجا نہیں کر سکا۔ اس مشکل طریق کا ایک سب سے زبردست فائدہ یہ ہے کہ اس طرح یہ معلوم ہوتا ہے کہ آیا ہم نے مطالعہ دقتِ نظر کے ساتھ کیا ہے یا نہیں؟ اس مطلب کے لئے ایسی کتابیں ہونی چاہئیں جن میں دُنیا کے بڑے آدمیوں کے تذکرے مذکور ہوں۔ تاریخ اور ڈرامہ بھی بہت ضروری ہیں۔ ادبی تنقید کا بھی کچھ عنصر شامل ہو تو اچھا ہے۔

(رضیہ سلطان۔ کلاس دہم)

صنعت و حرفت کی ضرورت

تاریخ سے ہمیں یہ ثبوت ملتا ہے کہ ہر ایک قوم نے اپنی قوت کو مستحکم کرنے کیلئے تجارت، صنعت و حرفت کی طرف توجہ مبذول کی ہے اگرچہ شروع میں انکی ترقی کی بنیاد ان کے استقلال، سامانِ حرب اور سپہ سالاروں کی اولوالعزمی ہے۔ لیکن اسکو پائیداری اسی وقت نصیب ہوئی جبکہ اس کے صناعوں کی محنت اور کاریگری دوسری اقوام کی ضرورتوں پر غالب آگئی اہلِ انگلستان و امریکہ کی ترقی انکی بحری ہی قوت نہیں ہے۔ دراصل انکی ترقی کا اصل راز یہ ہے کہ اُن کے ہاتھ میں ہنر ہے۔ وہ تجارت اور صنعت و حرفت سے واقفیت رکھتے ہیں۔ ذرا اہلِ جاپان پر ہی نظر کیجئے۔ اس دورِ حاضر میں جس چیز نے انکو تھوڑے ہی عرصہ میں ترقی یافتہ اقوام کے ہمسری نہیں بلکہ مدِ مقابل بنا دیا ہے اسکے سوائے اور کچھ نہیں ہے کہ اہلِ جاپان صناعی میں شہرہ آفاق ہوئے اور اور پھر ترقی کا دوسرا قدم یہ اُٹھایا کہ اپنی کاریگری کو موجودہ زمانہ کے مطابق بنایا۔

آہ! وہ ہندوستان جو کسی زمانہ میں صناعی کا مرکز خیال کیا جاتا تھا اور کوئی ملک ایسا نہیں تھا جو کہ ہمارے ہنرمند کی ہمسری کر سکتا۔ افسوس اب اسی ہندوستان کی یہ حالت ہے کہ دوسروں کی ہنرمندی کا محتاج نظر آتا ہے۔ اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ صنعت و حرفت کو جاہل اور ناقابل آدمیوں کے ہاتھوں پر چھوڑ دیا جو کہ موجودہ زمانہ کی ضروریات سے ناواقف تھے۔ اور صنعت و حرفت کی تعلیم و اشاعت پر کبھی توجہ نہ کی گئی۔

اعلیٰ تعلیم ہمیں افلاطون کا مدِ مقابل کیوں نہ بنا دے لیکن دنیا کے چھپے ہوئے خزانوں کی کلید ہمارے ہاتھ میں نہیں دے سکتی۔ اس لئے اگر ہم اپنے ملک کے خیر خواہ اور اسکی ترقی کے خواستگار ہیں تو ہمارا فرض ہے کہ ہم صنعت و حرفت کی طرف متوجہ ہوں۔ اگرچہ گورنمنٹ نے ہماری تعلیم کی طرف بہت توجہ کی ہے۔ زنانہ اور مردانہ سکول اور کالج قائم کئے ہیں۔ مگر صنعتی سکولوں کی کمی اور بہت زیادہ ضرورت ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تعلیم یافتہ نوجوان اکثر روزگار کیلئے پریشان نظر آتے ہیں۔ علم و ادب کے لطائف یا علم التواریخ پیٹ نہیں بھر سکتے۔ اور جس کے ہاتھ میں ہنر ہے وہ کبھی بھوکا نہیں رہ سکتا۔ مختصر یہ کہ قوم کی ترقی اُس وقت تک نہیں ہو سکتی جب تک قوم کی غربت دور نہ ہو۔ اور غربت دور کرنے کے لئے صنعتی تعلیم کی از حد ضرورت ہے۔

(رضیہ سلطان کلاس دہم)

ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور

(از سرور جہاں ۔ متعلم X)

رابندر ناتھ ٹیگور۔ ایک شاعر ایک فلسفی اور قوم کے ایک بہت بڑے بہی خواہ تھے۔ آپ کی زندگی اس قدر کامیاب مصروف اور کار آمد گزری ہے کہ اگر جلدیں کی جلدیں بھی لکھی جائیں تب بھی حالات مکمل طریقہ سے نہیں لکھے جاسکتے۔

مندرجہ ذیل سطور میں میں نہایت مختصر طریقہ سے ان کی بابت لکھتی ہوں :-

آپ ۷ مئی ۱۸۶۱ء میں دوار کا ناتھ ٹیگور لین میں پیدا ہوئے تھے۔ آٹھ نو سال کی عمر میں آپ نورمل سکول میں تعلیم پاتے تھے۔ اور اسی عمر سے انہوں نے اپنی شاعری سے دنیا کو فیض پہنچانا شروع کر دیا تھا۔ دس سال کی عمر میں ایک اینگلو انڈین اسکول میں داخل کرا دیئے گئے۔ لیکن بچے ہندستانی کو مغربی تہذیب کچھ پسند نہ آئی۔ اور اکثر اسکول جانے سے انکار کرتے تھے۔

۱۲ برس کی عمر میں بول پور کے نزدیک ہی ایک جگہ شانتی نکیتن گئے یہ جگہ ان کے والد نے ایک آشرم بنانے کی غرض سے خریدی تھی۔ یہاں انہوں نے اپنی دو ایک بنگلا کی نظمیں لکھیں۔

۱۸۷۴ء میں کلکتہ کی واپسی پر ان کو سینٹ واکیر اسکول میں داخل کیا گیا۔ تقریباً اسی دوران میں انہوں نے Machelta کا بنگلا میں ترجمہ کیا۔ ۱۸۷۵ء سے انہوں نے بنگلا رسالوں میں با قاعدگی سے اپنی نظمیں اور مضامین دینے شروع کئے۔

۱۸۷۶ء میں ہندو میلہ کے موقع پر انہوں نے دہلی دربار پر ایک ہجو لکھی اور خود ترنم سے پڑھی۔ اور کچھ عرصے بعد انہوں نے اپنی قابلیت کا ثبوت Anglo-Sexons and their literature English Ma جیسے مضامین اور Beggar maid جیسی نظمیں لکھ کر دیئے۔

۱۷ سال کی عمر میں اپنے بھائی کے ساتھ انگلینڈ گئے۔ اور یہاں لندن کے یونیورسٹی کالج میں داخل ہوئے۔ اسی دوران میں وہاں کے بہت سے قابل نامہ نگاروں سے ملے۔ وہ یہاں سے بھی کئی بنگلا کے رسالوں کے لئے مضمون لکھا کرتے تھے۔

۱۸۸۰ء میں آپ ہندوستان واپس آئے اور حالانکہ بظاہر انہوں نے کوئی خاص کورس پورا نہیں کیا۔ مگر بہت سے وہ نئے خیالات لائے جنھوں نے ان کے شاعرانہ دماغ پر ایک خاص اثر کیا اور آئندہ کے کلام میں مدد ملی۔ واپسی کے دوسرے سال بعد ۲۰ سال کی عمر میں انہوں نے ایک

ANGLO-ARABIC GIRLS HIGH SCHOOL, DELHI.

شاعر ہند رابندر ناتھہ ٹیگور

زندگی مشہور لوگوں کی سبق دیتی ھے یہ
شاندار ھم خود بنا سکتے ھیں اپنی زندگی

بہت اچھا ڈرامہ لکھا اور اس میں ہیرو کا پارٹ خود ادا کیا
یہ ڈرامہ بہت ہی مقبول ہوا۔ انھوں نے صرف ڈرامہ نویسی
پر ہی اکتفا نہیں کی بلکہ مختلف موضوع پر تقریریں کیں ۔
اور ہر تقریر بہت پسند کی گئی ۔

کچھ دن بعد ان کے خاندان کے لوگوں نے ان کو دوبارہ
ولایت جاکر تعلیم مکمل کرنے کیلئے مجبور کیا ۔ یہ تہرہ دولیش
بر جان مد ویش کے بموجب راضی تو ہو گئے ۔ مگر مدراس
پہونچنے کے بعد آگے جانے کو طبیعت نے بالکل گوارا نہ
کیا۔ اور واپس لوٹ آئے اور پھر اپنا وہی کام شروع کر دیا
اور بہت سی نظمیں لکھیں مثلاً (The YoungQueens
Market) وغیرہ لکھیں اس وقت ان کی عمر ۲۱ سال کی
تھی۔ اور انہوں نے مشہور نظم (Awakening of The
Fountain) لکھی۔ دوسرے سال کاروار گئے اور کئی
ڈرامے اور نظمیں لکھیں۔ اس سال ان کی شادی مرینالنی دیوی
سے ہوئی۔ اس کے بعد ان کی بھاوج کا انتقال ہو گیا۔ اور
انھیں زبردست صدمہ ہوا اور اس کا اثر ان کے دماغ پر
یہ ہوا کہ طوفان کی طرح تیز رفتاری سے سینکڑوں مضامین
اور نظمیں انہوں نے لکھ ڈالیں۔ Browning Banet
Elizabet Shelly اور دوسرے کئی اور شاعروں کے کلام
کا ترجمہ کیا۔ اسی دوران میں انہوں نے نلنی کا ڈرامہ بھی لکھا۔

سنہ ۱۸۸۵ء میں انہوں نے انڈین نیشنل کانگریس
کے جلسہ میں حصہ لیا۔ دوسرے سال ان کے والد نے
ان کے نام شانتی نکیتن کی جائداد کر دی۔ اُن کا بڑا لڑکا اسی
سال پیدا ہوا۔ اور اسکے فوراً ہی بعد انہوں نے "تسمانی"
ڈرامہ لکھا اور اس کو ادا بھی کیا گیا۔ انکو ٹیگور کی ریاست کا منیجر
بنا دیا گیا۔ اور انہوں نے Cloud messenger
لکھی اسی سال انہوں نے اٹلی فرانس اور انگلینڈ کا دورہ
کیا۔ واپسی پر وہ شیبدہ رہنے چلے گئے اور یہاں اپنے
کام کے دوران میں کسانوں اور مزدوروں سے نزدیک رہنے
کا موقع ملا۔ دوسرے انہوں نے اپنی یورپ کے دورہ کی
ڈائری اور چند نظمیں لکھیں ۔

اب وہ بنگال کے زندہ شاعروں میں بہترین شاعر مان
لیا گیا۔ اور اس بات پر مجبور کیا گیا کہ وہ اپنا ذاتی رسالہ نکالے
چنانچہ "سدھانہ" جاری کیا گیا۔ جو کہ بہت ہی مقبول عام
ہوا۔ اسی دوران میں انہوں نے "چترن گادھا" ڈرامہ
کے لکھنے کا بھی وقت نکال لیا۔ اور جو کہ اُن کی بہترین کتابوں
میں سے ایک کتاب مانی گئی خصوصاً اس کا انگریزی کا ترجمہ سنہ ۱۹۱۴ء
سے ۱۸۹۰ تک وہ اپنی پرائیوٹ کاموں میں بہت مصروف
رہے۔ لیکن اس مصروفیت کے باوجود بھی بہت سے نظمیں
ڈرامے لکھے۔ جو کہ بہت مقبول ہوئے۔ اس کے بعد انہوں
نے رفاہ عام کے سلسلے میں پولٹیکل معاملات میں خاص حصہ لیا
سنہ ۱۹۰۰ء اور سنہ ۱۹۱۰ء میں پھر مسلسل نظمیں اور مضامین
لکھے جن سے موجودہ زمانے کی پولیٹکل سوشل اور اقتصادی
حالات سے حقارت ظاہر ہوتی ہے۔ سنہ ۱۹۰۱ء میں انہوں
نے اپنے خاندان کے ساتھ شانتی نکیتن میں رہنے کا فیصلہ
کیا اور شانتی نکیتن سکول قائم کیا۔ اور لڑکوں کو خود پڑھانا
شروع کیا اور بہت جلد اس طرح کے بہت سے اُستاد
جمع ہو گئے۔ جو کہ اسکول کے لئے اپنی زندگی قربانی
کرنے کو تیار تھے۔ لیکن چونکہ اسکول میں مُفت تعلیم
دی جاتی تھی۔ اسلئے بہت جلد روپیہ کی کمی محسوس ہونے

گی۔ اور ان کو اپنی جائداد فروخت کرنی پڑی۔ اس کے بعد
انہوں نے Politics میں حصہ لیا۔ اور ہندوستان کی
بہتری کے لئے بہت کچھ تدبیریں کیں۔ مگر ہمعصروں کی
نکتہ چینی سے تنگ آکر Politics سے بالکل بے
غرض رہنے کے ارادے سے دوبارہ شانتی نکیتن واپس
آگئے۔ اس واقعہ کے بعد انہوں نے پھر نظمیں ڈرامے اور
مضامین لکھے۔ کچھ عرصہ بعد انہوں نے قرب وجوار کے
گاؤں میں اتحاد قائم کرنے کی کوشش کیں۔ اس عرصہ
میں ان کی نظموں اور مضامین کا انگریزی میں ترجمہ کیا گیا۔
کچھ عرصہ بعد انہوں نے قومی گیت "جانا گانا وانا" لکھا
اور "پوسٹ آفس" ڈرامہ لکھا۔ اس کے بعد یہ تیسری
مرتبہ پھر انگلینڈ گئے اور وہاں ان کو اس زمانے کے تقریباً
تمام بڑے بڑے شعرا اور نامہ نگاروں سے ملنے کا موقعہ ملا۔
اور ان کے کلام کو بہت پسند کیا گیا۔ انہوں نے یونیورسٹیوں
میں لکچر دیئے۔ اور ان کے مضامین اور تقریریں کتابوں کی
صورت میں لکھ کر چھاپی گئیں۔ اور ستمبر ۱۹۱۳ء میں ہندوستان
واپس آئے۔ اور نومبر میں نوبل پرائز ملا۔

۱۹۱۴ء میں رابندر ناتھ ٹیگور کو اس بات سے
بڑی خوشی ہوئی کہ گاندھی جی ان کے شانتی نکیتن اسکول
کو دیکھنے گئے۔ اور انہوں نے ٹرانسوال کے (Pheonix
School) کے طلبا اور اساتذہ کو مستقل طور پر شانتی نکیتن
میں رہنے کیلئے بھیج دیا۔ اسی سال ٹیگور کو نائٹ کا خطاب ملا۔
دوسرے سال آپ امریکہ میں قومیت پر لیکچر دینے
گئے۔ ۱۹۱۷ء میں انہوں نے کانگریس کے جلسے میں حصہ لیا
اور نظم ہندوستان کی دعا پڑھی۔

اس سال انہوں نے پھر کئی ڈرامے لکھے۔ مثلاً
Oly Reminiscences Sacirfice-
Nationalisui وغیرہ۔

اپنی زندگی کے اس سال کو وہ خود بہت اہمیت دیتے
ہیں کہ اس سال انہوں نے وشیا بھارتی یونیورسٹی کی بنیاد
ڈالی۔

۱۹۱۹ء میں جلیانوالہ باغ کے سلسلہ میں انہوں نے
کافی حصہ لیا اور نائٹ کا خطاب واپس دے دیا ۱۹۲۱ء
اور ۱۹۲۲ء میں انہوں نے تمام ہندوستان کا دورہ کیا اور
آزادی کے متعلق تقریریں کیں ۱۹۲۴ء میں وہ چین اور
جاپان گئے۔ اس کے دوسرے سال وہ اٹلی گئے اور یہاں
مسولینی نے ان کا خیر مقدم کیا۔ اس کے بعد اپنے قائم
کردہ سکول کیلئے چندہ جمع کرنے کے لئے مضامین لکھے۔
تقریریں کیں اور دوسرے ملکوں میں سفر کرتے رہے۔
انہوں نے ملایا۔ کنیڈا۔ جاپان۔ ہندچینی۔ وغیرہ کا سفر کیا
۱۹۳۰ء میں انہوں نے بہت جوش وخروش کے ساتھ
پینٹنگ کا کام شروع کردیا اور اُن کا یہ کام فرانس میں خاص طور پر
سراہا گیا۔ اس سال فرانس جانے کے بعد یہ لیکچر دینے کیلئے
انگلینڈ گئے اور انگلینڈ سے پھر جرمنی گئے اور وہاں بھی متعدد
لیکچر دیئے۔ بعد میں روس گئے جہاں کے لیڈروں نے آپ کا
بہت عزت سے خیر مقدم کیا۔ یہاں انہوں نے کارخانہ جات
اور دستکاری کے اسکول دیکھے۔ اور نئے نظام کے ماتحت آئے
دیکھ کر بہت خوش ہوئے رُوس سے امریکہ گئے۔ اور پھر یہاں
سے ہندوستان واپس آگئے۔ ۱۹۳۲ء میں فارس گئے
اور شاہ نے بڑی عزت سے خیر مقدم کیا۔ ۱۹۳۴ء کے بعد میں

انہوں نے مستقل طور پر شانتی نکیتن میں رہنا شروع کردیا۔ کبھی کبھی بعض رسائل میں مضامین دیا کرتے تھے۔ خاص خاص ملاقاتیوں سے ملاقات کیا کرتے تھے۔ اور ملک کی بہبودی میں کوشاں رہتے تھے۔

گذشتہ سال بہت سخت بیمار ہوئے۔ مگر پھر خدا نے ملک کو اُن سے ایک سال اور مستفید ہونے کا موقع دیا۔ آخر کار اسّی سال تین ماہ کی عمر میں ۷ اگست ۴۱ء کو ۱۲ بجکر تیرہ منٹ پر اللہ کے پیارے ہوگئے۔ اور ہندوستان کو شانتی نکیتن جیسا نایاب ادارہ ورثے میں دے گئے۔ مگر آئندہ کے لئے نئی اور تازہ مدد سے ہندوستانیوں کو ہمیشہ کے لئے محروم کرگئے۔

سرور جہاں متعلم X

ہماری تعلیم

لڑکیوں کی تعلیم ایک ایسا مضمون ہے جس پر بہت کچھ لکھا جاچکا ہے۔ مگر یہ شاید لڑکیوں کی بدقسمتی ہے کہ آج تک کسی نے اس "پیچیدہ گتھی" کو سلجھانے کی کوشش نہیں کی۔ اکثر حضرات تعلیم نسواں سے اس حد تک بیزار ہوئے کہ انہوں نے اسکی خوبیوں کو بھی برائیوں میں تبدیل کردیا جن حضرات نے اس مضمون میں دلچسپی لی اور تعلیم نسواں کی حوصلہ افزائی فرمائی انہوں نے اسکی خوبیوں کو بھی برائیوں میں تبدیل کردیا۔ جن حضرات نے اس مضمون میں دلچسپی لی اور تعلیم نسواں کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ انہوں نے معیار تعلیم پر کچھ زیادہ روشنی نہیں ڈالی۔ لڑکیوں کی تعلیم کے بارے میں اکثر والدین ذرا بھی دلچسپی نہیں لیتے اور اسے اکثر ایک غیر ضروری چیز قرار دیا جاتا ہے۔ اور اس بے اتفاقی کی وجہ ان کے نزدیک یہ ہے کہ لڑکیوں نے ملازمت تو کرنی ہی نہیں! اے کاش وہ جان سکتے کہ تعلیم ان کے لئے اتنی ہی ضروری ہے۔ جتنی غذا یا ہوا۔ اگر ایک لڑکی بغیر ان چیزوں کے زندہ رہ سکتی ہے تو یقیناً وہ زندہ نہیں مُردہ ہے یا شاید مردہ سے بھی بدتر ہے تعلیم کے بغیر ایک انسان نابینا کی مانند ہے۔ جو ٹھوکریں کھاتا ہوا آگے بڑھ تو جاتا ہے۔ مگر ہر ایک نئی شاہراہ پر مدد کا خواستگار ہوتا ہے۔ اور یہ صدا لگاتا ہے۔ "آنکھیں بڑی نعمت ہیں" اور اسی طرح ایک تعلیم سے بے بہرہ انسان زندگی کی شاہراہ پر ٹھوکریں کھانے کے بعد چلاتا ہے " تعلیم بڑی نعمت ہے"

موجودہ زمانے میں جن حضرات نے تعلیم نسواں کی طرف توجہ دی انہوں نے اکثر تعلیم کے متعلق یہ غلط رائے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ ایک بی اے اور ایم اے تعلیم یافتہ کہلا سکتا ہے۔ اور سوسائٹی میں ایک تعلیم یافتہ لڑکی اسے کہا جاتا ہے جو انگریزی میں اچھی طرح گفتگو کرسکے گویا انگریزی ہی ان کے نزدیک معیار تعلیم ہے۔ اور اس تعلیم کی جستجو میں وہ اکثر اخلاقی تعلیم سے گرجاتے ہیں۔ اور اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے کہ لڑکیاں انگریزی تعلیم حاصل کریں وہ بچپن سے اپنی لڑکیوں کو انگریزی سکولوں میں داخل

کر دیتے ہیں جہاں کی فضا ان کی ہندوستانی فضا سے
بالکل مختلف ہوتی ہے۔ چنانچہ یہاں لڑکیاں اپنے مذہب
اور فرائض کو بھول کر انگریزی تہذیب و تمدن میں گرمجوشی سے
حصہ لینے لگتی ہیں۔ اور چونکہ وہ ان کے صحیح مفہوم سے واقف
نہیں ہوتی ہیں۔ لہذا وہ اکثر ایسی اخلاقی غلطیوں کا شکار ہو
جاتی ہیں۔ جس کی وجہ سے عامۃ الناس میں تعلیم کے خلاف بیج
بویا جاتا ہے۔ اور وہ تعلیم کے خلاف صدائے احتجاج بلند
کرتے ہیں۔ لیکن کاش وہ سمجھ سکتے کہ یہ تعلیم کا نہیں بلکہ طریقہ
تعلیم کا قصور ہے اور اس کے ذمہ داران کے سرپرست ہیں۔
جنہوں نے انہیں انگریزی اور غیر مذہبی سکولوں میں داخل کر کے
اور مذہبی اور دیگر ضروری تعلیم سے محروم رکھ کر غلط راستہ پر گامزن
کیا ان حضرات کو چاہئے کہ لڑکیوں کو ایسے سکولوں میں داخل
کرنے سے پیشتر ان کی آیندہ انقلاب زندگی کے متعلق سوچ
لیں۔ لڑکی کی زندگی میں وہ انقلاب جب وہ اپنی ہستی کو کھو کر
دوسری ہستی اور دوسری دنیا میں تبدیل ہوجاتی ہے۔ نہایت
اہم اور نازک ہے اور تعلیم کا مقصد اُسے اِس انقلاب کیلئے
تیار کرنا ہے۔ یقیناً یہ اس کی زندگی کا سب سے بڑا امتحان ہے
اور اس میں اس کی کامیابی اس کی زندگی کا راز ہے۔ اور اس
میں کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ لڑکیوں کو مذہبی اور امور
خانہ داری کی تعلیم دی جائے۔

انگریزی سکولوں میں مذہبی تعلیم کا عنصر بالکل معدوم
ہے۔ حالانکہ ہمارا دین ہی حقیقت میں ہماری دنیا بناتا ہے۔
اس کے علاوہ انگریزی سکولوں میں امور خانہ داری کی طرف بالکل
توجہ نہیں دی جاتی۔ یہاں سائنس اور اقلیدس کے فارمولے
تو از بر یاد کرائے جاتے ہیں۔ مگر وہ چیز جوان کی زندگی کی مصروفیتوں
کا مرکز ہے۔ اسے بالکل نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ تعلیم کا یہ مقصد
ہے۔ کہ لڑکی اپنی آیندہ زندگی کی ذمہ داریوں کو اچھی طرح سے
جان لے۔ لیکن۔ اگر وہ بی اے اور ایم اے کی ڈگریاں حاصل
کرنے کے بعد بھی اپنے گھر کی خوش اسلوبی سے پرداخت نہیں
کر سکتی تو اس کی وہ تمام تعلیم بیکار ہے۔ اور وہ کبھی بھی اپنے
گھر کو صحیح معنوں میں "گھر" نہیں بنا سکتی۔ اور وہ کبھی بھی
اپنی زندگی میں کامیاب نہیں ہوسکتی۔ اس کامیابی کو حاصل
کرنے کے لئے ضروری ہے کہ لڑکیاں مذہبی اور امور خانہ داری کی
تعلیم حاصل کریں۔ لہذا میں ان حضرات کی خدمت میں عرض
کرنا چاہتی ہوں جو اپنی لڑکیوں کو انگریزی اور غیر مذہبی سکولوں
میں تعلیم دلاکر اس تعلیم سے محروم رکھتے ہیں۔ جو کہ ایک لڑکی کی
زندگی کو کامیاب بنانے کے لئے ازحد ضروری ہے۔ ان حضرات
کو چاہیئے کہ وہ اپنی لڑکیوں کو ایسے مذہبی اور مسلم سکولوں میں
داخل کریں جہاں انگریزی فارسی وغیرہ کے علاوہ مذہبی اور
امور خانہ داری کی تعلیم بھی دی جاتی ہو۔ تاکہ دینوی اور بنیادی
دونوں تعلیموں سے فیضیاب ہو کر قوم کیلئے باعث فخر ہستیاں
ثابت ہوں۔

بہترین طالبہ علم

کون ہے ؟ ہمارے سکول کے نقطۂ نظر سے وہی جو

(۱) اسکول میں تفریح کے لئے نہیں بلکہ تحصیل علم کے لئے آتی ہے۔
(۲) جس کے کپڑوں سے سادگی اور جسکی گفتگو سے علم و اخلاق ظاہر ہوتا ہے
(۳) اخلاق و شرم و حیا کے زیور سے آراستہ ہے۔
(۴) جو نماز روزہ پابندی سے ادا کرتی ہے۔
(۵) جو استانیوں کا ادب کرتی ہے اور فتنہ و فساد سے دور رہتی ہے۔

گُلِ خوش رنگ

سے خطاب

باغبانِ قدرت نے چمن ہستی کے ترتیب کے وقت گل خوش رنگ کے بنانے میں اپنے اعلیٰ درجہ کی دستکاری کا نمونہ دکھایا ہے۔ سادگی اور لطافت ملکر نیچر نے گل خوش رنگ میں وہ دلفریبی پیدا کردی ہے۔ کہ قدردانِ بزم قدرت بُلبُل سے زیادہ اسکی قدر کرتے ہیں۔ کارکنان بہارِ اعلیٰ کو سادگی اس درجہ پسند ہے کہ ہر وہ چیز جس میں حضرت انسانی کی کانٹ چھانٹ کرنے والا ہاتھ نہیں پہنچا ہے۔ زیورِ سادگی سے آراستہ نظر آتی ہے۔ خصوصاً پھولوں کی سادگی میں دلفریبی کی کچھ ایسی ادائیں نکلتی ہیں کہ خواہ مخواہ دل لوٹ جاتا ہے۔ واقعی پھول نہایت ہی خوش نما ہر دل عزیز ہے۔ کونسا دل ہے جس میں اس کی محبت کی بو نہیں ہے۔ کونسی آنکھ ہے جو گل خوش رنگ کو للچائی ہوئی نظر سے نہیں دیکھتی محفل عشرت میں باعث رونق ہے تو یہی گُل خوش رنگ بزم ماتم میں ہے۔

تو وہاں بھی مرجھائے ہوئے دو چار پھول کسی حسرت نصیب تربت پر اپنے پژمردہ صورت سے ہراس طرف سے نکلنے والے کے دل پر قیامت کا اثر دکھاتے ہیں۔ رندانِ تر دامن خرابات میں بیٹھے ہوئے بری صُحبت کے نمونے دکھا رہے ہیں۔ تو یہ وہاں بھی موجود ہے میکش پیر مغاں کی خدمت میں بیٹھا ہوا بادہ گلرنگ اڑا رہا ہے۔ تو یہ وہاں بھی حاضر ہیں۔

بے حس زاہد اگرچہ مسجد کے حجرے میں اگرچہ معتکف ہو گیا ہو مگر کبھی صحن مسجد کے کسی گوشے میں دو چار کھلے ہوئے پھولوں کو دیکھ کر بیتاب ہو جاتا ہے۔ وہ تارک الدنیا فقیر جیسے قدرت کے عجائبات کو ناقدری کے سپرد کر کے پہاڑ کے دامن میں اپنا جھونپڑا چھا لیا ہے۔ اگرچہ یہ سب زیادہ بے کیف معلوم ہوتا ہے۔ مگر دیکھئے تو گل خوش رنگ کے دو چار درخت اس کی جھونپڑی کے آگے ضرور ہوں گے۔ جنکی نازک نازک شاخوں پر پھول کھلے ہوئے نظر آتے ہیں۔

سچ پوچھئے تو پھول ہر دل عزیز چیز ہے۔

مردوں کے گلے کا طوق آرزو ہے تو عورتوں کا سنگھار شوخ طبع بلبل کا مطلوب ہے۔ تو حق سترہ کہنے والی فاختہ کا محبوب حاملانِ عرش کا شمع افروز ہے۔ تو فریب پروانوں کا جگر سوز۔ آسماں پر جھلملاتے ہوئے تارے۔ محفل عشرت کی شمع روشن بحسرت نصیب بیوہ کا لاڈلا بچہ۔ کنج تنہائی کا ٹمٹماتا ہوا چراغ۔ اسلامی دنیا کے نوجوان طلبا۔ اگر غور دیکھئے تو سب گل خوش رنگ ہی ہیں۔ اے گل خوش رنگ تو تو مجھے بہت ہی پسند اور عزیز ہے۔

تیری موہنی صورت جس قدر مجھ کو پیاری معلوم ہوتی ہے میں بتا نہیں سکتی۔

مگر افسوس کہ تجھ میں بے وفائی انتہا سے زیادہ پائی

جاتی ہے۔

کاش تجھ میں کبھی قدر بوئے وفا بھی ہوتی تو کیا اچھا ہوتا۔

عروسان چمن یعنی پھولوں کے حسن کے بے بہا جلوے اگر دیکھنے منظور ہوں۔ تو صبح کے وقت دیکھئے۔ جس وقت خم گردوں سے مقطّر کئے ہوئے پانی (شبنم) سے وہ اپنا پیارہ چہرہ دھوکر نونہالان گلشن کی شاخ تمنا بہ گل مراد بن کر نمودار ہوتے ہیں۔ جن لطیف مزاجوں کو پھولوں سے محبت پڑ جاتی ہے۔ تو وہ فراق گل میں بلبل سے زیادہ نالہ کشی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

بنت محمد طاہر مرزا
کلاس ہفتم

سلطانہ رضیہ

اس سے پیشتر کہ سلطانہ رضیہ کے متعلق کسی قسم کے خیالات کا اظہار کیا جائے۔ یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ یہ بتایا جائے کہ یہ کس خاندان سے تعلق رکھتی تھی اور کس کی چشم و چراغ تھی۔

سلطانہ رضیہ خاندانِ غلامان سے تعلق رکھتی تھی اور بادشاہ التمش کی نور نظر تھی۔ سلطانہ رضیہ صرف خوبصورتی ہی میں بے مثال نہ تھی بلکہ ہر فن مولا تھی۔ اگرچہ سلطانہ رضیہ کے کئی بھائی تھے۔ مگر جو محبت التمش کو اس سے تھی اور کسی اولاد کو نصیب نہیں ہوئی۔ اس کی وجہ اسکی بے نظیر خوبصورتی نہ تھی بلکہ اس کی قابلیت تھی۔ جب کبھی التمش جنگ پر جاتا تو وہ ہمیشہ رضیہ ہی کے سپرد امورِ سلطنت کیا کرتا تھا یہ اس کا ثبوت ہے کہ رضیہ میں سلطنت کرنے کا مادہ قدرت نے اپنے فیاض ہاتھوں سے کوٹ کوٹ کر بھر دیا تھا۔ ہر ایک بشر اس کی تعریف میں رطب اللسان تھا۔ التمش کی وفات کے بعد سلطانہ رضیہ تخت پر جلوہ افروز ہوئی مگر آہ! اس کی قسمت نے اسکا ساتھ چھوڑ دیا۔ اراکین دولت ہرگز یہ برداشت نہ کر سکے کہ وہ صنف نازک کے ماتحت رہ کر زندگی بسر کریں۔ وہ نہیں چاہتے تھے کہ وہ ہستی جس کو وہ ہمیشہ محکوم خیال کرتے تھے اب ہزاروں حاکموں (مردوں) پر حکمران ہو۔ چنانچہ اس کو تخت سے محروم کر دیا گیا۔ اور اس کا بھائی تخت کا وارث بنا۔ مگر امورِ سلطنت عمدگی سے درکنار ذرّہ برابر بھی سنبھالنے کی اہلیت نہ رکھتا تھا۔ چنانچہ سب نے متفقہ طور پر دوبارہ سلطانہ رضیہ کو تخت پر جلوہ افروز کیا سلطانہ رضیہ سلطنت کا ہر کام بذاتِ خود انجام دیتی۔ ہر مقدمہ کا فیصلہ خود کرتی۔ اپنے دشمنوں سے نہایت بہادری سے لڑتی۔ مگر یہ سب کام مردانہ لباس میں ملبوس ہو کر پایۂ انجام تک پہنچاتی۔ اس سے اراکین دولت اس کے مخالف ہو گئے مگر سلطانہ رضیہ کی بدقسمتی ابھی تک اسکی رہبری کر رہی تھی۔ سلطانہ رضیہ ایک یاقوت نامی غلام پر مہربانی کا سلوک کرنے لگی۔ امراء کو موقعہ ہاتھ آیا اور انہوں نے معہ اس کے شوہر

التونیہ کے اس کو گرفتار کر کے قتل کر دیا۔ اس طرح ہندوستان کی مایہ ناز ہستی دنیا کو سونا کر گئی۔ اور سلطانہ رضیہ کی پاک اور قابل ہستی سے خاندان غلاماں ہمیشہ کے لئے ہاتھ دھو چکا۔ جس طرح چیل گوشت پر منڈلاتی ہے۔ بعینہ اسی طرح غلامان خاندان کی بدقسمتی اور زوال بری طرح منڈلا رہا تھا۔ آخر کار وہ دن آپہنچا کہ خاندان غلامان چراغ سحری کی طرح ہچکیاں لیتے ہوئے ملکِ عدم کو سدھارا۔ اگر سلطانہ رضیہ کو تخت سے محروم نہ کیا جاتا اور ارکینِ دولت اس کی مخالفت نہ کرتے تو ان کو کبھی یہ منحوس دن نہ دیکھنا پڑتا۔ سلطانہ رضیہ قابل تھی مگر اسکا عورت ہونا اس کے لئے سَم ثابت ہوا۔ گویا اس کا قصور تھا وہ ملزم بنی کہ وہ "عورت" کیوں ہے۔ ہندہ اپنی قسمت پر جتنا ناز کرے وہ کم ہے۔ کیسی کیسی ہستیاں اس سر زمین میں پیدا ہوئیں اور اسی میں جذب ہو کر رہ گئیں۔ سلطانہ رضیہ کی بھی وُہ ہی ہستی تھی کہ ہند اسپر ناز کرے کہ کسقدر قابل قدر ہستی اسکی سرزمین میں پیدا ہوئیں اور ہمیشہ کیلئے اپنا نام تاریخ میں سُنہرے حرفوں میں کندہ کرا گئی۔ رضیہ سلطانہ کلاس دہم

چاند بی بی

یوں تو مسلمان شہزادیوں کے نام صفحہ تاریخ پر اب تک جگمگاتے ہیں۔ اور جگمگاتے رہیں گے۔ لیکن چاند بی بی جیسی ملکہ کی ثانی کوئی نہیں۔ یہ وہ مشہور ملکہ ہے جس نے اکبر بادشاہ کی فوج کے دانت کھٹے کئے اور احمد نگر کو تباہی و بربادی سے بچا کر اپنی بہادری دجاں نثاری اور اپنی سرفروشی کا سکہ انسانوں کے دلوں پر بٹھایا۔ یہ ملکہ احمد نگر کے شاہی خاندان سے تھی۔ اور اس کی شادی شاہ بیجاپور سے ہوئی۔ مگر ابھی اس کی عمر پچیس سال کی بھی نہ ہوئی تھی کہ ایک آفت ناگہانی نے آگھیرا۔ یعنی اس کا سرتاج وفادار رفیق کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ اس وقت ملک کے اندر جس بدنظمی اور افرا تفری کا دَور دَورہ ہُوا۔ اِسکا اندازہ بخوبی کیا جا سکتا ہے۔ چاروں طرف سے تخت کے دعویدار پیدا ہو گئے۔ آخر امراؤ وزرا کی تجویز سے ابراہیم ستو نی کا بھتیجہ تخت نشین ہُوا۔ ابراہیم شاہ گو بادشاہ تھا۔ لیکن سلطنت کے تمام اختیارات چاند بی بی کو حاصل تھے جب ابراہیم سن بلوغ کو پہنچا تو سلطنت کے تمام کاروبار سپرد کر کے چاند بی بی احمد نگر کو سدھاری کیونکہ احمد نگر کا بادشاہ لڑائی میں قتل ہو گیا تھا۔ خانہ جنگی ان تمام خانہ جنگیوں کا انتظام کر لیتی مگر اکبر بادشاہ مدت سے احمد نگر پر خار کھائے بیٹھا تھا۔ اُسنے اِس بدنظمی کو غنیمت جان کر احمد نگر پر چڑھائی کر دی۔ ان دنوں اکبر کی فوج سے تمام دشمنوں کی جان لرز گئی تھی۔ مگر اس نیک ملکہ نے ہمّت نہ ہاری۔ خود چہرہ پر نقاب ڈال کر اس طرح مُقابلہ کیا کہ اکبر نے منہ کی کھائی۔ وہ نیک اور عالی ہمّت ملکہ جسپر رعایا جاں نثار تھی جلد ہی دغا بازی کا شکار ہوئی۔ شاہی فوج کے رخصت ہوتے ہی احمد نگر کے امراؤ وزرا میں فساد شروع ہو گیا۔ اکبر نے اس موقع کو بھی ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ ایکسال ہی میں خان خاناں اور دانیال

جرار لشکر دے کر دکن کی تسخیر کو روانہ کیا۔ چاند بی بی نے اب پھر پہلے کی طرح بڑے کر و فر سے مقابلہ کی تیاری کی۔ لیکن افسوس کہ وہ ناکام رہی۔ کیونکہ حامد خاں خواجہ سرا جس کو اس نے بڑے ناز و نعم سے پالا تھا۔ اور جو اس وقت فوج کا افسر تھا۔ بڑا مکار اور فریبی ثابت ہوا۔ وہ اکبر کی فوج سے مل گیا۔ چاند بی بی نے حامد خاں کو بلوا کر پوچھا۔ کیا میری فوج لڑنے کو تیار ہے۔ دغاباز حامد خاں نے جواب دیا۔ بیشک۔ لیکن آپ پہلے کی طرح بذات خود کمال کریں۔ "چاند بی بی نے آہ سرد بھر کر کہا" اے حامد خاں میں احمد نگر پر اپنی جان قربان کر سکتی ہوں مگر افسوس بعض لوگوں کی دغابازی نے کام خراب کر دیا۔ اس وجہ سے فتح کی امید نہیں۔ کیوں بے فائدہ خونریزی کی جائے۔ حامد خاں کو سنکر خیال ہوا کہ میری پوشیدہ مکاری کا راز فاش ہو گیا ہے۔ اور اب جان کی خیر نہیں۔ بدحواس ہو کر میدان میں جہاں فوج قواعد کر رہی تھی دوڑا گیا۔ اور چیخنا شروع کیا۔ "ہائے غضب ہو گیا ملکہ چاہتی ہے کہ ہار مان لی جائے۔ ہائے احمد نگر کی عزت خاک میں مل گئی۔ یہ سن کر تمام فوج آگ بگولہ ہو کر اپنی ننگی تلواریں لے کر محل میں گھس گئی۔ اور اس نیک اور عالی صفات ملکہ کو تہ تیغ کر ڈالا۔

محمودہ تنویر کلاس نہم

درِ شہوار

1۔ دنیا میں قدم قدم پر ناامیدیوں اور ناکامیوں سے سابقہ پڑتا ہے۔ انسان کو اس کے مقابلہ کے لئے ہمیشہ تیار رہنا چاہئے۔

2۔ کائناتِ عالم کا ہر وجود ناقص ہے۔ اس لئے کسی بشر سے کمال کی توقع نہیں رکھنی چاہئے۔

3۔ ہر ایک سے اس کے مزاج کے موافق سلوک کرو۔

4۔ دوسروں کے غم میں ہمدردی اور شادی میں مسرت کا اظہار کرو

5۔ غصہ میں جلد بازی سے کام نہ لو اور استقلال کو کبھی ہاتھ سے نہ دو۔

6۔ دوسروں کو خوش کرنے کے لئے حتی الامکان کوشش کرو

7۔ زندگی کا پر مسرت نظریہ قائم کرو۔

8۔ بڑوں سے ادب اور چھوٹوں سے مہربانی سے پیش آؤ۔

9۔ نوکروں پر سختی نہ کرو بلکہ لطف و کرم سے کام لو

10۔ دوسروں کی خوبیاں جب بھی ہو سکیں بیان کرو۔ عیب جوئی اس وقت کرو جب اس کی اصلاح کے لئے ضرورت پڑے۔

11۔ غصہ کا جواب نرمی سے دو۔

12۔ دوسروں کے قصور سے درگذر کرو۔ غلطی ہر انسان سے ہوتی ہے

13۔ اپنی خوشی میں دوسروں کو شریک کرو۔

14۔ انسان اپنی قسمت خود آپ بناتا ہے۔

15۔ جو کچھ ملے اس پر قناعت کرو۔ چند روزہ زندگی کیلئے ہوس نہ چاہئے۔

16۔ ہر سانس انسان کی عمر کو گھٹاتا اور موت کو قریب لاتا ہے۔

17۔ زندگی ایک بڑا تحفہ ہے۔ اسے غم میں ضائع نہ کرو۔ کسی سے کوئی راز ظاہر کرنا اور یہ کہنا کہ کسی سے نہ کہنا اول درجہ کی حماقت ہے۔

رُسُومات

رسومات عموماً دو طرح کی ہوتی ہیں۔ ایک تو رسوم مذہبی۔ دوسرے رواجی۔ رسوم مذہبی سے مراد وہ رسوم ہیں جن کو کسی مذہب کے شارع نے اپنے مذہب کے پیرووں کیلئے تجویز کیا ہو۔ یہ رسومات شریعت کے لحاظ سے ہوتی ہیں اور کسی صورت میں بھی نقصان دہ نہیں ہوتیں۔ کیونکہ شارع جب کچھ احکام صادر کرتا ہے اسمیں اس بات کو مد نظر رکھتا ہے کہ اس کے احکام سے خلق اللہ کو تکلیف نہ پہنچے۔ اور امیر و غریب سب اس کو آسانی سے بجا لائیں۔

دوسری قسم کی رسومات یعنی رواجی، وہ رسومات ہیں جو کسی قوم یا فرقے کے لوگوں نے کسی مصلحت سے ایک خاص موقع پر شروع کر دی ہوں اور وہ زمانے کے ساتھ ساتھ ترقی کرتی جاتی ہیں۔ اور یہ لوگوں کے دلوں پر اس قدر حاوی ہو جاتی ہیں کہ مذہبی رسومات سے بھی سبقت لے جاتی ہیں۔ کسی فرقہ میں یہ رواج ہے کہ اپنے لڑکے یا لڑکی کی شادی سے پہلے کنبے والوں کو دعوت دے۔ اس طرح اس فرقہ میں اگر کوئی غریب سے غریب بھی ہوگا تو وہ بھی اس بات کی کوشش کریگا کہ اس کا کھانا سب سے اچھا ہو۔ چاہے اس کو قرض ہی کیوں نہ لینا پڑے۔ مگر دوست احباب میں واہ واہ ہو جائے۔ اس بیان سے یہ مطلب نہیں کہ جتنی رسمیں ہم لوگوں میں جاری ہیں وہ سب نقصان دہ ہیں۔ اور برباد کرنے والی ہیں۔ بلکہ ان میں بعض اچھی ہیں اور بعض بری۔ البتہ جن رسومات میں بے جا اسراف ہے اور ان سے کوئی فائدہ حاصل نہیں، وہ ضرور قابل اعتراض ہیں۔

جو رسومات رواجی عرصہ دراز سے چلی آتی ہیں وہ لوگوں کی طبیعت پر ایک عادت بد کی طرح قابو پا لیتی ہیں۔ ہر شخص جانتا ہے کہ یہ رسومات مال و دولت، عزت و حرمت کی تباہی کا باعث ہیں۔ مگر چونکہ عادت پڑ گئی ہے اور اب اس کے ترک کرنے میں ہم چشموں اور برادری والوں میں شرمندگی اٹھانی پڑیگی اس لئے وہ اس کو جاری رکھنا باعث فخر سمجھتا ہے۔

اس کے علاوہ اس بات سے تو کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ بری رسومات کو ترک کرنا قوم کی بہبودی کا باعث ہوگا۔ مگر اب وہ کون سا طریقہ اختیار کرنا چاہئے جس کے پابند ہونے سے کامیابی ہو اور لوگوں کی شرمندگی سے بھی بچیں۔ پس اس مدعا کو حاصل کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ہر ایک شخص اس بات کی کوشش کرے کہ اس کی قوم و ملت کے لوگ تعلیم پائیں۔ اور جب وہ فرقہ تعلیمیافتہ ہو جائے گا تو وہ اپنے سود و بہبود کو خود سوچ لیگا۔ اور یہ رواجی رسمیں خود بخود غائب ہو جائیں گی۔ اسکے علاوہ ایک صورت اور بھی ہے وہ یہ ہے کہ ہر قوم و ملت کے سمجھدار آدمی رسومات کی اصلاح کے لئے مجالس قائم کریں اور اس بات کی کوشش کریں کہ جو جو بُری رسمیں عرصہ دراز سے چلی آتی ہیں اُن کا انسداد کیا جائے۔ جیسا کہ کچھ عرصہ سے ان باتوں پر عمل کیا جا رہا ہے اور بہت کچھ اصلاح بھی ہوگئی ہے۔ اگر یہ قاعدہ جاری رہا تو یقین ہے کہ پوری کامیابی ہو جائیگی۔

بلقیس بیگم X

(تیسری قسط)

خراسان (مشہدِ مقدس یعنی روضہ امام علی رضا علیہ السلام امام ہشتم) کی روانگی

سلسلہ کیلئے میگزین مئی سنہ ۱۹۴۶ء جلد اول شمارہ سوم ملاحظہ فرمائیے

خدا خدا کرکے ۲۰ رمئی سنہ ۱۹۳۱ء مطابق ۲ محرم الحرام یوم چہارشنبہ صبح آٹھ بجے قرنطینہ سے نجات ملی۔ تمام سامان پہلے ہی سے موٹر لاری میں قرینہ سے رکھ دیا تھا۔ اب ہم سب سوار ہوئے اور شہر قصر شیریں میں داخل ہوئے۔ دروازۂ شہر پر ایرانی پولیس نے پاسپورٹ دیکھے اور پھر ہم روانہ ہوئے۔ راستہ میں تمام منزلوں پر ہر قسم کی اشیائے خوردنی ہوٹلوں اور دکانوں میں بافراط موجود تھیں۔ کرند۔ ماہی دشت منازل وغیرہ سے گذرتے ہوئے شام کو چھ بجے کرمانشاہ پہنچے۔ موٹر کو گیراج میں ٹھہرایا۔ اور ہم نے گیراج کے اوپر بالاخانہ میں تین کمرے کرایہ پر لیکر رات بسر کرنے کا انتظام کیا۔ بازار میں گئے تھوڑی سیر کرنے کے بعد روٹی۔ دہی چاول۔ سالن اور دودھ وغیرہ لے کر رات کا کام چلایا۔ اسی سیر کرنے کے وقت شہر کرمانشاہ میں متعدد امام باڑے دیکھے۔ کھانے اور نمازِ مغربین سے فارغ ہوکر ہم لوگ مجالس کی شرکت کیلئے گئے۔ ایک عزاخانے میں داخل ہوئے۔ عزاخانہ میں کافی روشنی اور جھاڑ فانوس لگے ہوئے تھے۔ تمام دیواروں پر بڑے بڑے قالین لٹکا دیئے گئے ہیں۔ صحن میں سامعین کے بیٹھنے کے لئے چاروں طرف کرسیاں موجود ہیں۔ ان کے درمیان مستورات کیلئے قالین بچھا رکھے ہیں۔ جس وقت ہم سب گئے صاحب خانہ نے چائے اور حقہ سے تواضع کی۔ کرسیوں پر جگہ دی۔ یہ سلوک ہر شرکت کرنیوالے کے ساتھ ہوتا ہے۔ بغیر دودھ کی چائے خوبصورت شیشے کے فنجان میں پیش کی جاتی ہے اور شیشے کے بہترین حقے جن کو قلیان کہتے ہیں پیش کئے جاتے ہیں۔ تھوڑی دیر گذری تھی کہ ایک ذاکر جن کو ایران میں روضہ خواں کہتے ہیں تشریف لائے اور فوراً منبر پر تشریف فرما ہوئے اور تقریباً آدھ گھنٹہ تک ذکر شہادت امام حسین علیہ السلام فرماتے رہے۔ اس کے بعد زیارت پڑھوائی اور رخصت ہوگئے۔ وقتِ رخصت صاحب خانہ سے رسمی سلام ہوگیا۔ معلوم ہوا کہ یہ سلسلۂ مجالس تمام عزاخانوں میں اسی طرح سے برابر جاری رہتا ہے کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ روضہ خواں اور سامعین آتے جاتے رہتے ہیں اور مجالس میں شرکت کرکے رخصت ہوجاتے ہیں۔ ہم سب بھی صاحب خانہ سے رخصت ہوکر اپنی قیامگاہ پر آئے۔ شب کو آرام کیا۔ صبح تمام ضروریات سے فارغ ہوکر روانہ ہوئے۔ آج ۲۱ رمئی ۳ محرم یوم پنجشنبہ ہے۔ یہی خیال ہے کہ عاشورہ سے قبل مشہد مقدس پہنچ جائیں۔ (عراق سے مشہد مقدس کا فاصلہ بارہ سو میل ہے) کرمانشاہ سے روغن کی ہوئی تسبیح جو بہت مشہور ہیں خریدیں۔ یہ عرض کردینا ضروری ہے کہ قصر شیریں سے پہاڑی سلسلہ شروع ہوجاتا ہے جو زیادہ تر برفانی پہاڑوں پر مشتمل ہے۔ ہر پہاڑ کے دامن میں ایک گھاٹی اور ان کے درمیان پہاڑ کو کاٹ کر سڑک بنائی گئی ہے جس پر سے موٹریں اور گاڑیاں گذرتی ہیں۔ کرمانشاہ نہایت بارونق اور آباد شہر ہے۔ ہم نے اسی جگہ چھ سو روپے کے انگریزی نوٹ ایرانی سکوں سے تبدیل کرائے۔ الحمد سو روپے کے پچھتر تومان (ایرانی روپیہ) ملے۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ بغداد اور کاظمین میں سو روپے کے اسی تومان ملے۔ قصر شیریں میں اٹھتر۔ کرمانشاہ میں پچھتر۔ سلطان آباد میں ستر اور اس کے بعد طہران دار السلطنت ایران میں پینسٹھ ہی ملے۔ الغرض عراق سے جس قدر ایران میں آگے بڑھتے جائیں یہ کمی ہوتی جاتی ہے۔

مختصر یہ کہ کرمانشاہ سے روانہ ہونے کے بعد ذیل کی منازل طے کرتے ہوئے سلطان آباد پہنچ گئے۔ (بیستون۔ صحنہ۔ کنگاور۔ جوکھار۔

ملا بار - طولا - اور آب قنبر) یہ فاصلہ تقریباً بیالیس فرسخ کا ہے۔ (ایک فرسخ ۳½ میل انگریزی) آج کی منزل کچھ راستہ کی خرابی کی وجہ سے اور کچھ طولانی ہونے کے باعث دن میں تمام نہ ہوسکی بلکہ رات کے گیارہ بجے سلطان آباد پہنچے۔ موٹر سے اترے۔ موٹر خانہ میں دو کمرے کرایہ پر لئے اور رات کو آرام کیا۔ یہ شہر بھی نہایت عمدہ پایا۔ پختہ سڑکیں۔ جدید عمارتیں انگریزی طرز کی۔ تمام جگہ بجلی کی روشنی۔ پانی بافراط۔ نہایت شیریں اور ٹھنڈا۔ کھانے اور دیگر ضروریات کی اشیاء بکثرت۔ میوے ارزاں اور نہایت خوشگوار۔ دوسری صبح کو پھر روانگی کی تیاری کی گئی۔ روانگی میں موٹر خراب ہو جانے کی وجہ سے ذرا تاخیر ہو گئی۔ چنانچہ اس عرصہ میں ہم عورتوں نے سادے آلو پکا لئے۔ اور روٹی بازار سے خرید لی گئی۔ بچوں کو کچھ ناشتہ کرا دیا اور باقی کھانا باندھ کر ہمراہ لے لیا۔ چھ گھنٹے سفر کرنے کے بعد ایک منزل پر ایک باغ میں قیام کیا۔ یہاں ہوٹل۔ پانی کے چشمے اور میوے بکثرت پائے گئے۔ اس جگہ ہم نے کھانا کھایا۔ اور کچھ آرام لیا۔ اب یہ خوشی ہے کہ آج شہر معصومہ قم پہنچ جائینگے۔ اور جنابہ معصومہ قم (ہمشیرۂ جناب امام علی رضا علیہ السلام) کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا۔ چنانچہ اکثر چوکیوں پر پولیس کو پاسپورٹ دکھاتے ہوئے منزل ابراہیم آباد۔ راہ گرد۔ کاروانسرائے سنگ کو طے کرتے ہوئے دن کے ایک بجے شہر قم میں داخل ہوئے۔ یہ فاصلہ چوبیس فرسخ کا طے کیا۔ یہاں ایک عمدہ مکان جسمیں متعدد کمرے قالین کے فرش کئے ہوئے تھے۔ صحن میں حوض اور باغیچہ تھا۔ آٹھ آنے یومیہ کرایہ پر لیا۔ ہم عورتوں نے حوض میں اپنے برتنے وغیرہ پاک کئے اور مرد غسلخانوں میں جا کر غسل کر آئے۔ نماز ظہرین سے فارغ ہو کر زیارت کیلئے چلے۔ شہر نہایت بارونق۔ کشادہ بازار۔ ہوٹل۔ باغات۔ اور بہترین عمارات۔ اس کے بعد درگاہ کی تو تعریف ہی کیا ہو سکتی ہے جس کے تین بڑے دروازے اور تین کشادہ صحن ہیں۔ ہر ایک صحن نہایت وسیع۔ ایک صحن میں ایک بڑا بیضوی شکل کا حوض جسمیں فوارے اور سُرخ مچھلیوں نے ایک لطف پیدا

کر دیا ہے۔ اس کے گرد لوگ وضو کرتے ہیں منہ ہاتھ دھوتے ہیں۔ الغرض ایک جمگھٹ لگا رہتا ہے۔ درگاہ میں داخل ہونے کے وقت ایک خادم صاحب ہمراہ ہو گئے۔ انھوں نے اذن اور پھر زیارت پڑھائی۔ مزار مبارک کے گرد چاندی کی ضریح بنی ہوئی ہے جس کے اندر پردہ پڑا ہوا ہے۔ غالباً یہ اس وجہ سے ہو کہ جنابہ معصومہ کی قبر مطہر کی بھی بے پردگی نہ ہو۔ تمام حرم میں زائرین کی کثرت۔ مرد عورت ہر جگہ زیارات کرتے اور دعائیں مانگتے نظر آرہے ہیں۔ اور اس قدر کثرت کہ ضریح کا طواف کرنا بھی مشکل سے ہوتا ہے۔ روضۂ مبارکہ پر سونے کا گنبد اور دو مینار نہایت شاندار بنے ہوئے ہیں۔ ایک سمت صحن کے اندر باغ ہے۔ زائرین کی کثرت سے راستہ چلنا بھی دشوار ہو گیا ہے۔ یہاں کے مرد اور عورتیں ہم لوگوں کو نہایت تعجب سے دیکھتے تھے اور یہ معلوم کر کے کہ ہم سب زیارات عراق سے مشرف ہو کر آئے ہیں وہاں کی مستورات ہم عورتوں کے اور مرد مردوں کے ہاتھ کو بوسہ دیتے تھے اور دعا کیلئے التماس کرتے تھے۔ ہر جگہ آگے اور پیچھے موجود ہیں۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان کو کوئی نئی اور عجیب مخلوق دکھائی دیتی ہے۔ نہایت با اخلاق اور شائستہ۔ وہاں کی عورتیں چادر پیچاں میں اس طرح پوشیدہ کہ کوئی عضو نہیں دکھائی دے سکتا۔ روضۂ اقدس کے اندر تمام جگہ شیشے کا کام نہایت کاریگری سے کیا گیا ہے۔ اور ایسی پچی کاری کی گئی ہے جو دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ زبانی یا تحریری تعریف بیکار ہے۔ روضۂ اقدس میں اکثر جگہ آٹھ معصومین کے مرقعے لگے ہوئے ہیں۔ روضۂ اقدس یعنی حرم میں داخل ہوتے ہوئے جو دروازے ملتے ہیں ان میں صندل کی لکڑی کے کواڑ جن پر سونے اور ہاتھی دانت کا کام ایسی خوبصورتی سے کیا گیا ہے کہ نظر ہٹانے کو دل نہیں چاہتا۔ جگہ جگہ قرآن خواں تلاوت کلام پاک کرتے رہتے ہیں۔ الحمد للہ کہ ایران میں داخل ہو کر ہم کو اس پہلی زیارت کا شرف حاصل ہو گیا۔ زیارت سے فارغ ہو کر ضریح اقدس پر عطر ملا اور اگر کی بتیاں روشن کیں۔ یہاں ان چیزوں کو بڑی قدر کی نگاہ سے

جاتا ہے - یہاں کے مرد و زن ایک ایک بوند عطر کی درخواست
تے ہیں - حتیٰ کہ جو عطر ضریح مبارک پر ملا جاتا ہے اس کو تبرکاً اور
رد کے لالچ سے اپنے کپڑوں سے پونچھ لیتے ہیں - ضریح اقدس یعنی
کے دائیں اور بائیں بڑے بڑے کمرے ہیں جن میں شاہان
ن کی قبریں بنی ہوئی ہیں - یہاں بھی فاتحہ پڑھی - شاہ عباس صفوی
ان کے والد گرامی شاہ سلطان حسینی شاہ طہماسپ کی قبور ہیں -
یگر حجروں میں فتح علی شاہ صاحب اور محمد شاہ صاحب مرحومین
ور ہیں اور اُن پر ان کے مجسمے سنگِ مرمر کے بجائے تعویذ کے
ے ہیں - یہ مجسمے ان کے شاہی لباس میں دکھائے گئے ہیں - زیارت
فارغ ہوکر باہر آئے - یہاں ایک امام باڑہ عارضی طور پر ایک بہت
ے خیمہ اور شامیانوں سے تیار کیا گیا ہے - چونکہ زمانہ محرم ہے - عزاخانے
ہوئے ہیں - اس لئے ہر جگہ علَم - نشان - مرقعے اور سبیلیں لگی ہوئی
- دل تو نہیں بھرا لیکن جلدی کی وجہ سے اسی دن چھ بجے شام کو موٹر لار
سوار ہوکر طہران کی سمت روانہ ہوئے - روانہ ہونا تھا کہ یکایک اگرد ز
ندھی سُرخ رنگ کی آئی - گرد و غُبار نے پریشان کردیا - یہ پریشانی آدھ
تک رہی - اس کے بعد فوراً ہی بارش شروع ہوگئی جس سے تمام
دغُبار دب گیا اور مطلع صاف ہوگیا - اس وقت رات کا آغاز ہوگیا
لیکن راستہ صاف اور سیدھا ہونے کی وجہ سے اُن کے سفر میں
تکلیف نہیں ہوئی - آخر رات کے گیارہ بجے شہر شہزادہ عبدالعظیم
پہنچے اور شب میں اُسی جگہ قیام کیا - صبح کو اُٹھے نماز اور ضروریات
راغت پائی - اس کے بعد جناب شہزادہ عبدالعظیم کی زیارت کیلئے تیار
ے - یہ بزرگ حضرت امام حسین علیہ السلام نواسۂ رسول مقبولؐ کی چوتھی
ت میں ہیں - یعنی آپ کے پڑپوتے ہیں - اس جگہ سے طہران تقریباً
۵ میل رہ جاتا ہے - جہاں تک پہنچنے کے لئے چھوٹی لائن کی ریل موٹر لاری
ہیں اور دیگر گاڑیاں وغیرہ بکثرت چلتی ہیں - الغرض زیارت کو ہم سب

مرد و زن روانہ ہوئے - تھوڑی ہی دور پہنچے تھے کہ ایک امام باڑہ ملا -
جو سر راہ بنا ہوا تھا اور اس کے چاروں طرف قناتیں اور اوپر بڑا شامیانہ
لگا ہوا تھا - اسوقت وہاں مجلس برپا تھی یعنی ذکر شہادتِ امام حسین علیہ السلام
اور مصائب اہلبیت علیہم السلام ہو رہا تھا - تمام امام باڑہ مرد و زن سے
پُر تھا - ایک سمت عورتیں اور دوسری طرف مرد نہایت تہذیب سے بیٹھے ہوئے
سُن رہے تھے - چونکہ ہم کو سفر میں یہ موقع میسر ہوا ہم نے بھی شرکت کی - اور
صاحب خانہ نے نہایت اخلاق سے ہمارا خیر مقدم کیا - اور ہم کو اچھی جگہ بٹھایا
فوراً ہی ایرانی دستور کے مطابق چائے پیش کیگئی - ہر چند اصرار کیا - لیکن
اصرار بڑھتا گیا - بہرحال تبرکاً چائے پی اور مجلس سُنی - ایک ایرانی عالم
فارسی زبان میں ذکر شہادت اور ذکر مصائب بیان کر رہے تھے جو کافی طول
سمجھ میں آ رہے تھے اور ایسے مؤثر طریقہ اور لہجہ میں بیان کر رہے تھے کہ
صداقت پر مبنی واقعات کو سُن کر تمام اہلِ ایمان اور محب اہلبیت امام مظلوم
کی شہادت کا پُرسہ جناب سیدۂ عالمؑ کو دے رہے تھے اور اپنے دلی جذبات
کو آنسوؤں کی شکل میں پیش کرکے ثواب دارین حاصل کر رہے تھے بحمداللہ
اس مجلس میں سے ہم سب نے بھی پُرسہ دینے کے بعد رخصت حاصل کی اور پھر
جناب شہزادہ عبدالعظیم کی زیارت کیلئے درگاہ پر حاضر ہوئے - درگاہ سے متصل
ایک اور عزاخانہ ملا جسمیں بہت سے مرد و زن موجود تھے اور بڑے پیمانہ پر مجلس
ہو رہی تھی - یہاں چند منٹ کھڑے کھڑے شرکت کی اور پھر داخل درگاہ شاہ
عبدالعظیم ہوئے - یہ درگاہ بھی مثل کربلائے معلّٰی اور نجفِ اشرف کی درگاہوں کے
نہایت شاندار ایک طلائی گنبد اور دو میناروں کے نیچے بنی ہوئی ہے -
اور تمام درگاہ میں شیشہ کا کام دیواروں اور چھتوں پر اس قدر خوبصورتی
سے کیا گیا ہے جو کبھی اس سے قبل نظر سے نہیں گذرا - درگاہ کے اندر اور باہر
ائمۂ معصومین اور حضراتِ اہلبیت کے مرقعے نہایت عمدہ قلمی تیار شدہ آویزاں
ہیں - ضریح مقدس چاندی کی ہے جس کی چھت ایران میں نہیں بناتے
بلکہ مخمل یا کسی دوسرے بیش قیمت کپڑے کا شامیانہ بناکر اس پر سایہ

کردیتے ہیں۔ اور چھت کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ اس لئے کہ ایک بڑے
عالیشان کمرے میں ضریح ہوتی ہے۔ ضریح مقدس اور حرم کے دروازے
نقرئی ہیں۔ جواہرات اور قنادیل حسب مناسب آویزاں ہیں۔ ان میں آجکل
برقی لیمپ لگائے گئے ہیں۔ فرش سنگ مرمر کا ہے۔ اطراف میں صحن ہیں
ان میں مختصر باغ اور وسط صحن میں خوشنما حوض ہے۔ اسی روضۂ اقدس
کے قریب روضہ حمزہ ابن امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ہے اور صحن میں روضۂ
اقدس حضرت طاہر ابن امام زین العابدین علیہ السلام ہے جس کا گنبد علیحدہ
بنا ہوا ہے۔ اسمیں رنگین کاشی کی منقش اینٹ کا کام ہے اور عمارت پر
قرآن پاک کی آیات تحریر ہیں۔ مختصر یہ کہ اوّل اذن پڑھا۔ پھر اندر داخل
ہوکر زیارت پڑھی۔ بعد ازاں دُعا مانگی۔ یہاں بھی مثل درگاہ معصومہ قُم کے
بیشمار مرد و زن ہر وقت موجود رہتے ہیں۔ ہم لوگوں سے نہایت اخلاق
سے ملتے رہے اور یہ معلوم کرکے کہ زیارت کربلائے معلّٰی سے مشرف ہوکر
آئے ہیں خوب دست بوسی کی۔ زیارت کی مُبارکباد اور دُعائیں دیتے
رہے۔ یہاں سے فارغ ہوکر دیگر دو متذکرہ بالا زیارتیں کیں۔
تمام روضوں پر عطر لگایا۔ اگر کی بتیاں روشن کیں اور باہر آئے۔
درگاہ کے مغربی حصہ میں ایک باغ نہایت خوبصورت ہے اور اسمیں
شاہ ناصر الدین قاچار شاہِ ایران کا مزار مُبارک ہے۔ آپ کی قبر پر بھی
آپ کا ایک مجسمہ سنگِ مرمر کا شاہی لباس میں بجائے تعویذ قبر کے
نصب ہے۔ اور آپ کا ایک فوٹو قلمی دیوار میں آویزاں ہے۔
ناصر الدین شاہ قاچار کے سالار جنگ کی قبر بھی اسی جگہ پہلو کے ایک
کمرے میں ہے اور اس پر بھی مجسمہ سنگِ مرمر کا نصب ہے اور
فوٹو قلمی دیوار پر آویزاں ہے۔ موجودہ شاہِ ایران رضا شاہ
پہلوی کے والد ماجد کی قبر بھی اسی احاطہ میں ایک حجرے کے اندر
بنی ہوئی ہے۔ اسوقت اس کی کچھ درستی ہو رہی تھی۔ ان امام زادوں
کی قبر مطہر کے قُرب میں شاہانِ ایران اپنی قبریں برکت حاصل کرنے
کی غرض سے بنواتے تھے جس کی قبل از مرگ وصیت کر دیتے تھے
الغرض زیارتوں اور فاتحہ خوانیوں سے فراغت پاکر قیام گاہ
پر آئے اور موٹر لاری کو تیار کرا کے سب سوار ہوئے اور طہران کا رُخ
کیا۔ کوئی آدھ گھنٹے میں آٹھ میل کا سفر ختم کرکے طہران میں پہنچ گئے۔

شہر طہران پایۂ تختِ ایران

طہران کوہ دماون کے سلسلہ میں شمران پہاڑ کے دامن میں
سطح سمندر سے تین ہزار قدم بلندی پر واقع ہے۔ ہوا لطیف اور
پاک ہے۔ شمران کی چوٹی پر جو برف جمتا ہے اس کے پگھلنے سے نہریں
بہہ کر آتی ہیں۔ اسی پانی کو باغات اور شہر کے کام میں لایا جاتا ہے
اسی سے سرسبزی ہے اور شہر خوشنما ہوگیا ہے۔ یہاں گرمی بہت کم
اور موسم سرما میں سردی زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ طہران انگریزی وضع
کا شہر بنا ہوا ہے اور جدید عمارتیں بھی اسی طرز کی بنائی جا رہی ہیں۔
سڑکیں کشادہ۔ دُکانیں بڑی بڑی۔ بجلی کی روشنی ہر جگہ پانی کے
نل۔ سارے شہر میں ٹریموے کا سلسلہ ہے۔ اس کے علاوہ عوام الناس
کی آسائش کیلئے موٹر بسیں چوبیس چوبیس نشست والی۔ رنگ برنگ
کے پردے لگے ہوئے نہایت خوبصورت سارے شہر میں اِدھر سے
اُدھر دن رات دَوڑتی پھرتی ہیں۔ طہران میں ہمارا قافلہ ایک موٹر گیراج
کرباسی نامی میں ٹھہرا۔ منزلِ بالا پر ایک بڑا کمرہ کرایہ پر لیا۔ ہوٹل میں
کھانے کا آرڈر دیا۔ بہترین کھانا دونوں وقت اندازاً میت پر ہوٹل کے
ملازم ہماری قیامگاہ پر ہی پہنچا دیا کرتے تھے۔ فی کس تقریباً تین آنے
ایک وقت کے لیتے تھے جسمیں ایک پلیٹ چاول۔ دو طرح کا سالن، روٹی
اور کچھ اچار ہوتا تھا۔ ایک آدمی اتنا کھانا نہیں کھا سکتا تھا۔
دوسرے روز ہم دفتر نظمیہ (پولیس) میں پاسپورٹ لیکر گئے
جہاں ایک درخواست منشی سے تحریر کرا کے دی گئی۔ چنانچہ ایک دفتر سے

اور پھر وہ سہ پہر دفتر سے ضابطہ کی کاروائی ہونے کے بعد ہم کو اجازت مزید برائے سفر حاصل ہو گئی۔ الحمد للہ کہ اس مرحلے سے بھی نجات حاصل ہوئی۔ اس کے بعد بنک پہنچے اور سکہ تبدیل کرایا۔ پھر ڈاکخانہ گئے جہاں سے ٹکٹ خریدے اور ایک خط ہوائی جہاز سے روانہ کرنے کو ڈاکخانہ کے سپرد کیا۔ بعد ازاں اپنی قیامگاہ پر واپس آئے اور آرام کیا۔ شام کو تین گھوڑا گاڑیاں بارہ آنے کرایہ پر لے کر........ باغ ملی کی سیر کو گئے۔ جو طہران کا مشہور باغ ہے۔ اسی باغ کے ا... سالار جنگ کی کوٹھی ہے جس پر فوجی پہرہ لگا رہتا ہے اور دروازے پر کئی توپیں نصب کر رکھی ہیں۔ اسی باغ میں ایک وسیع میدان ہے جسمیں پولس لائن ہے۔ اس وقت بہت سے سپاہی گھوڑوں پر کچھ کرتب اور کھیل کی مشق کرتے نظر آئے۔ اسی جگہ فٹ بال بھی کھیلی جا رہی تھی۔ اس میدان اور باغ کے درمیان ایک بڑا کٹہرا لگا ہوا ہے۔ باغ نہایت خوشنما اور بارونق ہے۔ اس وقت تمام باغ مرد و زن سے بھرا ہوا تھا۔ عجیب چہل پہل تھی۔ تقریباً سارے باغ میں نشستیں کافی ہیں اور ان کے آگے خوبصورت میزیں بچھا رکھی ہیں۔ ہوٹل جا بجا موجود ہیں۔ جہاں چائے۔ انڈے۔ کیک وغیرہ خرید کر ان میزوں پر کھاتے ہیں۔ تمام ایرانی مرد و زن ہمارے قافلہ کو حیرت سے دیکھتے تھے۔ جس طرف ہم جاتے تھے کافی مجمع ہو جاتا تھا۔

(عصمت بانو جماعت دہم)

صحت قائم رکھنے کے اصول

(۱) رہنے کا مکان ہوادار ہونا چاہیئے۔

(۲) کھلی ہوا میں سویا کرو اور سوتے وقت چہرہ کھلا رکھو

(۳) تازہ پکا ہوا کھانا۔ سبز ترکاریاں اور میوے صحت بخش اور بہت مفید ہوتے ہیں۔

(۴) کھانا آہستہ آہستہ اور چبا کر کھاؤ

(۵) سانس منہ سے نہ لو۔ بلکہ ناک سے لو۔

(۶) جھک کر کام کرنے سے صحت پر برا اثر پڑتا ہے۔ اس لئے سیدھی بیٹھا کرو۔

(۷) دانت اور مسوڑھے ہر روز صبح اور سوتے وقت اچھی طرح صاف کرو۔

(۸) منہ میں غلیظ چیز اور نیلی قلم وغیرہ نہ لو۔

(۹) کھانے پینے کی چیزوں کو مکھیوں سے بچاؤ۔ ایسی مٹھائی جس پر مکھیاں بیٹھتی ہوں استعمال نہ کرو۔

(۱۰) صبح جلدی اٹھا کرو۔ دن چڑھے اٹھنا انسان کو بیمار کر دیتا ہے۔

(۱۱) ناخن چھوٹے اور صاف رکھو۔

(۱۲) روزانہ نہاؤ۔ نہانے سے آدھی بیماری جاتی رہتی ہے اور تندرستی اچھی رہتی ہے جو زندگی کے لئے نعمت ہے۔

(۱۳) ہر چیز میں صفائی کا لحاظ رکھو۔ صفائی انسان کو بیماری سے دور رکھتی

(۱۴) ان سب اصولوں پر چلنے سے زندگی قابل رشک ہو سکتی ہے۔

(زبیدہ خاتون (قریشی) درجہ ہشتم)

ہندوستان میں تعزیت

ہندوستان میں تعزیت عجیب صورت اختیار کرتی جا رہی ہے۔ فطری جذبۂ خلوص، حقیقی ہمدردی بالکل مفقود ہو چکی ہے۔ پسماندگان کے لئے تعزیت، میّت کی جدائی اور رنج و غم کے علاوہ نئی مصیبت بنتی جا رہی ہے۔ موت کی خبر سن کر دور و نزدیک کے رشتہ دار اور ملنے والے اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ کچھ دیر تو میّت کے عزیزوں کو بجائے صبر کی تلقین کے مرنے والے کی خوبیاں بیان کر کر کے اس کی دائمی جدائی کا تصوّر دلا کر تازہ زخموں پر نمک چھڑکتے ہیں۔ اس کے بعد ان بیچاروں کو ان کے حال پر چھوڑ کر خود آپس میں اپنے خانگی جھگڑے شروع کر دیتے ہیں۔ کوئی قسمت کی شکایت کر رہا ہے۔ کوئی بیماری سے پریشان ہو چکا ہے۔ کسی بیوی کو اپنی بہو کی شکایت ہے تو کسی کو سمدھیانہ کا رونا ہے۔ کسی کو اور کچھ نہیں تو ہمسائے کی تکلیف ہے۔ غرض کہ ماتم پرسی ہوئی دنیا بھر کے شکوے شکایات ہو گئے۔ اس اثناء میں اگر میزبان کی آنکھ ذرا خشک نظر آئی تو پھر ایک دو بات میّت کے متعلق ایسی کہہ دی کہ اس غریب کا دل از سرِ نو بھر آیا۔ میّت کے اٹھتے ہی پان وغیرہ سے تواضع کرنا پڑی۔ کھانا کھا کر (جس کو حاضری کا کھانا کہتے ہیں) سب لوگ اپنے اپنے گھر مع اپنی ہمدردیوں کے چلے جاتے ہیں۔ اب جو گھر والے دیکھتے ہیں تو بالکل ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تمام گھر میں بڑا سخت زلزلہ آ چکا ہے۔ میّت کی بیماری کی وجہ سے جو سامان بدنظمی سے پھیلا ہوا تھا وہ سب تعزیت کرنے والوں کے بچوں کے کھیل کی اور فلسفیانہ جذبہ کی نذر ہو چکا ہے۔

تیسرے روز جسے پھول کہتے ہیں صبح ہی سے آدمی جمع ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ آج عورتیں کپڑوں زیوروں سے مزیّن ہو کر آتی ہیں۔ کھانے پکتے ہیں۔ گھر گھر تقسیم کئے جاتے ہیں۔ اگر ایسا نہ ہو شکایتیں ہوتی ہیں۔ شام تک وہ شور و ہنگامہ برپا رہتا ہے کہ شادی کی محفل اور ماتم پرسی کی مجلس میں امتیاز کرنا دشوار ہو جاتا ہے۔ پس ماندگان کو بجائے کسی مدد کے جس کی اس وقت ضرورت ہوتی ہے انتہائی پریشانی اور تکلیف اٹھانی پڑتی ہے۔

بہتر ہو اگر میّت ہونے پر تجربہ کار بزرگ مرد و عورت اکٹھے ہو کر میّت کے عزیزوں کو صبر کی تلقین کریں۔ دنیا کی ناپائیداری کا تصوّر دلائیں۔ اپنے سرد و گرم زمانہ کے تجربات سے کام لے کر گرتے ہوئے حوصلے اور ڈوبتے ہوئے دل کو سنبھالیں اور غیرت کی دیوار ہٹا کر میّت کے عزیزوں کا ہاتھ بٹائیں۔ حتی الامکان کوشش کریں کہ میّت کی دائمی جدائی کا احساس کم ہو۔

روحی مختار
جماعت نہم

عرب خواتین اور شاعری

دُنیا کے ہر دَور میں جس طرح فیشن۔ تہذیب اور کلچر کی
صورت ایک دوسرے سے جُدا گانہ رہی ہے بالکل اسی طرح عورتوں
اور مردوں کے کمالات اور اُن کا علم میں لوہا تسلیم کرنا بھی ہر دَور
میں مختلف ہوتا آرہا ہے۔ اگر عرب کے زمانۂ جاہلیت میں کشتی کرنا۔
نسب نامہ یاد کرنا اور اونٹوں کی پرورش کے نئے نئے اُصول دریافت
کرنا باعث فخر و افتخار تھے تو اسی عرب نے اپنی آنکھوں سے شوقِ جہاد
بس حد بہشت اور غریبوں کی امداد کرنے والوں کا فخر اور غرور بھی دیکھا۔
ان پر سارے عرب کو اور کچھ حصہ عجمسم کو بجا ناز تھا۔

انہی قدرتی قوانین کے پیشِ نظر خواتین کے باب میں آج
صرف اِسی بنا پر تنقید کی جا سکتی ہے کہ اُس نے ہوائی جہاز سے چینل عبور
کرنے کتنے گھنٹے کتنے منٹ کا ریکارڈ قائم کیا یونیورسٹی سے کون سے
خاص مضمون پر کتنی عزت سے ڈگری حاصل کی۔ ہاں روم میں اُس کا اعزاز
کیا ہے سینما میں اس کا ایکٹنگ کیا اثر رکھتا ہے۔ مگر اب سے صدیوں
پہلے بھی خواتین کیلئے کئی اس قسم کے اعزاز تھے جن کے باعث اُن کی جاودانہ
شہرت ہوتی۔

عرب کے لوگ اپنی شاعری۔ طرزِ بیان، زبان کی لطافت، برجستگی
اور شیریں کلامی کے لئے آج تک دنیا کے ہر طبقہ سے خراجِ تحسین وصول
کرتے آئے ہیں۔

ہمیں یہ دیکھکر رُوحانی مسرت ہوتی ہے کہ اِس فن شریفہ میں
جس کا خاص تعلق رُوح کی پاکیزگی اور خیالات کی لطافت سے ہے،
عورتوں نے خاص حصہ لیا۔ اور اپنی نفیس فطرت سے اس فن کو بامِ عروج تک
پہنچا دیا۔ عرب کے مراثی اپنے سوز اور خالص فطرتی اظہارِ خیال کیلئے
مشہور ہیں۔ دُنیا کے کُل مرثیہ گو شاعر اس بات پر متفق ہیں کہ فنِ مرثیہ گوئی
میں عرب کی بے مثل شاعرہ خنسا کا جواب نہیں۔

مرثیہ گو شاعرہ خنسا کا بے مثل دیوان جو عربی میں ہے اس کا
جس شاعر نے بھی مطالعہ کیا بے اختیار کہہ اُٹھا کہ اُس شاعری کا جواب
آج بھی اسی طرح ناممکن ہے جس طرح اب سے صدیوں پیشتر تھا۔
سوق عکاظ کے بازار جن کو حضرت عمر نے اپنی شرکت سے ہمیشہ عزت
بخشی خنسا کی شاعری کے خاص مرکز تھے۔ عہد بنو اُمیہ کے مشہور اور
ممتاز شاعر جریر سے جب عرب کے سب سے بڑے نامی شاعر کے انتخاب
پر بحث ہوتی تو آپ نے فرمایا کہ اگر عرب میں خنسا کا وجود نہ ہوتا تو شاید
میری نظرِ انتخاب خود مجھ پہ پڑتی۔

جلیلہ بنتِ مرہ جساس بن مرہ کی بہن اور کلیب کی بیوی
تھیں۔ بدقسمتی سے جساس میں اور کلیب میں کسی خاص معاملہ میں
ایسی اَن بن ہوگئی کہ آپس میں جان کے لالے پڑ گئے۔ دنگل ہوا۔ اور
جساس کے ہاتھوں کلیب مارے گئے۔ قاتل کی بہن ہونے کے جُرم
میں جلیلہ بنتِ مرہ نکال دی گئیں۔ اس موقع پر آپ نے جو شعر کہے
وہ عورت کی فطرت کے وہ بے مثل آئینے ہیں جنمیں ہر قوم و مذہب
کی عورت اپنی فطرت کو اپنی آنکھوں عریاں دیکھ سکتی ہے۔ اور جن کے
اثر اور گرمی کو عرب کے نامی گرامی شاعروں نے متفقہ طور پر تسلیم کیا۔

نامی گرامی شاعرہ اور مشہورِ عالَم مرثیہ گو خنسا کی حقیقی پھوپھی
تماضر بنت الشرید السلمیہ بھی اپنے زمانہ کی نامور شاعرہ تھیں۔

آپ کے شوہر قبیلہ ہوازن کے سردار ظہیر بن جذیمہ عرب کی جنگ نفرادات میں معفر عامری کے ہاتھوں قتل ہوئے۔ شوہر کے بعد تماحز کا جوان سال، جواں ہمت بیٹا بھی قیس بن ظہیر کے بھائی مالک بن ظہیر کی خفیہ سازش کے ماتحت قتل کر دیا گیا۔ جس بہادر دل نے شوہر کی موت ہنستے کھیلتے برداشت کی وہی سینہ ماتا کے جوش سے اُبل پڑا۔ اور جواں مرگ بیٹے کی لاش عمر بھر کے ضبط کے بندھن کو توڑ گئی۔ اور اس جوش نے رنج نے۔ غم نے ایک پُر سوز مرثیہ کی صورت اختیار کر لی۔ چند عربی شعروں کا ترجمہ حسب ذیل ہے :-

" آنکھیں غبار آلودہ ہوگئیں۔ غم نے آنکھوں سے نیند اُچاٹ کر دی۔ میں ایک ایسے بچے کی لاش پر مصروف گریہ ہوں جس پر سارے قبیلہ کو فخر تھا۔ اگر قبیلہ رنج کرے تو کوئی تعجب نہیں۔ اس لئے اُنھوں نے اپنے ایک بہادر نوجوان کو کھو دیا۔ "

اِن معمولی مثالوں سے اچھی طرح واضح ہو سکتا ہے کہ عرب کے اِس دَور کو جس کو تمام مورخ جہالت کا دَور کہتے ہیں خواتین عرب کی شاعری نے کس طرح روشن کر رکھا تھا۔

ہر دَور میں کامیابی اور شہرت مختلف پہلو اختیار کرتی ہے۔ مگر دُنیا کے ہر دستور اور ہر تہذیب میں عورت نے اپنے علم۔ اپنی فطرت اور اپنی قابلیت سے اپنے لئے نمایاں راستہ پیدا کیا اور کر رہی ہیں۔

(مقتصدہ خاتون۔ ادیب فاضل)

اقوالِ زرّیں

(۱) مغرور آدمی کو کوئی پسند نہیں کرتا۔

(۲) جو شخص جس قدر زیادہ قسمیں کھاتا ہے اُسی قدر زیادہ جھوٹا ہوتا ہے۔

(۳) خدا کی یاد اور موت کا دھیان ہمیشہ رکھو اور جو نیکی کرو اُسے بھول جاؤ۔

(۴) انسان کی عزت علم و ہنر سے ہوتی ہے نہ کہ بھڑکدار اور نفیس لباس سے۔

(۵) چاند کی روشنی میں پڑھنا آنکھوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔

(۶) جو آدمی تم سے کسی کی غیبت کرے تو سمجھ لو کہ وہ تمھاری ہی غیبت کرتا ہے۔

(۷) دوست حقیقی معنوں میں وہی ہے جو کہ آڑے وقت میں کام آوے۔

(۸) اپنا راز کسی سے مت کہو۔ کیونکہ پھر وہ راز نہ رہیگا۔ اگر وہ تمھارا دوست ہے جس سے تم اپنا راز کہو گے تو اُس کے بھی بہت سے دوست ہونگے۔

(۹) ایک دوست بہتر ہے بہ نسبت بے وفا دوستوں کے جھنڈ سے۔

(۱۰) اپنی تکالیف کسی سے بیان مت کرو۔ کیونکہ پھر وہ تمھاری ملاقات کا خواہشمند نہ رہے گا۔

(۱۱) صبح کے وقت گھاس پر ننگے پاؤں چلنا بینائی کے لئے بیحد مفید ہے۔

(رضیہ سلطان کلاس نہم)

اطاعتِ والدین

دُنیا میں کوئی مذہب کوئی دھرم اور کوئی مسلک ایسا نہیں جس میں والدین کی اطاعت اور رضاجوئی فرض نہ کی گئی ہو۔ بلکہ والدین سے سلوک کرنا اور اُن کی دل وجان سے خدمت بجا لانا عبادت قرار پایا ہے۔ اور عقل بھی اس بات کو تسلیم کرتی ہے۔ کیونکہ انھوں نے ہماری اس حالت میں مدد کی جب ہم کسی قابل نہ تھے۔ اگر بعدِ ولادت ہمیں ہمارے حال پر چھوڑ دیتے تو بتاؤ اُسوقت ہمارے امکان میں کیا تھا نہ زبان میں گویائی تھی کہ اپنا حالِ زار کسی سے بیان کرتے۔ نہ ہاتھوں میں اتنی طاقت تھی کہ کسبِ معیشت کرتے یا دستِ سوال کسی کے آگے پھیلاتے۔ نہ پیروں میں توانائی تھی۔ نہ بھوک پیاس پر شکیبائی۔ کون تھا جو ہمیں آفتاب کی حرارت اور شبنم کی برودت سے بچاتا۔ لیکن ماں باپ ہیں جنھوں نے خود مصیبت اٹھائی اور ہمیں آرام سے رکھا۔ پالا۔ پرورش کیا اور اس مرتبہ تک پہنچایا۔ اور بعید نہیں کہ کسی زمانہ میں ہمارا شمار نامور لڑکیوں میں ہو جائے۔ ایسی حالت میں ماں باپ کے تمام احسانوں کو بھول جانا اور تعظیم و اطاعت کا خیال نہ رکھنا نہ صرف بے ادبی بلکہ کفرانِ نعمت اور سخت احسان فراموشی ہے۔ اگر ہم نیک ہیں تو یہ کبھی نہ بھولیں گے کہ ہماری ماں نے کن کن دقتوں سے پالا۔ راتوں کو اپنی نیند حرام کی۔ ہمیں لے کر ٹہلتے ٹہلتے اپنے پاؤں شل کر لیے۔ ہمارے آرام کے لئے کیا کیا اہتمام نہ کئے۔ کبھی سینہ پر لٹایا۔ کبھی لوریاں دیں۔ کبھی پنکھا جھلا۔ تھپک تھپک کر پہروں گود میں سلایا۔ اپنے تمام عیش کو ہماری خدمت میں بھول گئیں۔ ہماری زندگی کے لئے ہزاروں منّتیں مانیں۔ نصف شب کو اٹھ اٹھ کر ہماری سلامتی کے لئے دُعا کی۔ مختصر یہ ہے کہ اپنے آرام کو ہمارے لئے نثار کر دیا۔ کیا یہ خدمات اس قابل ہیں کہ انھیں بھلا دیا جائے۔ یہ بات ہمارے ذہن نشین ہونی چاہیے کہ کسی احسان کو بھلانا شریفوں کا دستور نہیں۔ عقلمند اور نیک لڑکیاں موجود ہیں جو ماں باپ کے سرہانے پانی لئے رات بھر کھڑی رہتی ہیں اور سوءِ ادبی خیال کر کے جگا نہیں سکتیں۔ لیکن ایسی کمبخت لڑکیاں بھی ہیں کہ اپنے والدین کی تعظیم و تکریم کرنا تو درکنار اُن کو نہایت گستاخانہ طور پر اُلٹ کر جواب دیتی ہیں اور بدزبانی اور سخت کلامی سے اُن کا دل دُکھاتی ہیں کہ بالآخر والدین کے منہ سے یہ کلمہ بیساختہ نکل جاتا ہے کہ اے کاش! ایسی ناشاد اولاد پیدا نہ ہوتی تو بہتر تھا۔

یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ دین و دُنیا کی فلاح والدین کی خدمت اور اطاعت میں پنہاں ہے۔ اگر والدین بد مزاج بھی ہوں تو بھی ہم کو بھولے سے بھی ترش رو ہونا نہیں چاہئے۔ بلکہ تہِ دل سے انکساری اور عاجزی اختیار کرنی چاہئے۔ غالباً آپ نے لوگوں کو کہتے سُنا ہوگا کہ جنت ماں کے پیر کے نیچے ہوتی ہے۔ اس کا مطلب حقیقی معنوں میں یہی ہے کہ اگر ہم اپنی والدہ کی فرمانبردار۔ خدمت گذار اور حق شناس لڑکی ہیں تو والدین کے ساتھ ہمارا نیک سلوک انجام کار عاقبت میں گلزارِ رضواں بن جائے گا۔ اگر ہمارے اعمال نہایت عمدہ اور قابلِ تحسین ہیں اور ہم شب و روز خدا کی عبادت کرتے ہیں لیکن ساتھ کے ساتھ ماں باپ کو ایذا پہنچانے میں دریغ نہیں کرتے تو اے میری بہنو! ہماری یہ عبادت کسی کام نہ آئے گی اور ہمارا ٹھکانہ جہنم ہوگا۔

(سکندر جہاں بیگم جماعت ششم)

زندگی کا ایک ورق

رجنی —— او رجنی ! —— اری تو بولتی کیوں نہیں ! تونے پتاجی کی تصویر کا شیشہ کیوں توڑ دیا ؟ بتا ...... نہیں بولے گی۔ ...... بتا کمبخت ...... میں اُسوقت اگر ہوتا ...... تو تیرا کم سے کم سر توضرور پھاڑ دیتا ...... منحوس کہیں کی ...... مرتی بھی تو نہیں ......

رجنی خاموش پلنگ پر بیٹھی ہوئی تھی —— وہ رو نہیں رہی تھی بلکہ اُس کا دِل رو رہا تھا —— وہ سوچ رہی تھی کہ جب پتاجی زندہ تھے تو کوئی مجھے ہاتھ تک نہیں لگا سکتا تھا —— وہ چاہے کتنی بڑی شرارت کرتی۔ چاہے کتنا ہی بڑے سے بڑا نقصان اُس کے ہاتھوں ہوجاتا مگر کسی کی مجال تھی کہ کوئی ٹیڑھی نگاہ سے بھی دیکھے۔ یہ نوبت تو کبھی نہیں آئی تھی کہ اُس کے خیالات کی دُنیا مُنتشر ہو کر رہ گئی۔ اُس کے رُخسار جھن جھن کر رہے تھے۔ قصور صرف یہ تھا کہ پتاجی کی تصویر کا شیشہ ٹوٹ گیا تھا۔ رجنی کے ہاتھ میں ایک رسالہ تھا جو اب چھوٹ کر دور جا پڑا تھا۔ اس کے حرف اس کی آنکھوں میں اس طرح بڑے بڑے دکھائی دینے لگے جس طرح کسی عکسی شیشے سے نظر آتے ہیں —— اس کی آنکھوں اور رسالہ کے درمیان ایک باریک چمکتا ہوا پردہ پڑگیا جس کی چکدار کرنیں آنسوؤں کے موتیوں سے پھوٹ کر کبھی لمبی کبھی ترچھی کرنیں رقص کرتیں۔ کبھی کبھی غائب بھی ہوجاتیں۔ یہاں تک کہ دو بوندیں رسالہ پر گریں۔ سامنے کچھ دور زمین پر پڑا ہوا رسالہ جس کے کئی ورق ہوا کے جھونکے سے پلٹ چکے تھے۔ دفعتاً ایک ورق پلٹا۔ جس پر لکھا تھا "یتیم کی آہ"۔ اس کی بھی ایک آہ نکل گئی —— آہ۔ میں بھی تو یتیم ہوں —— ۔ چیکنی نہیں ہوگی! کرخت لہجے نے رجنی کو چونکا دیا۔ اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا —— رامو اب ماں سے لڑ رہا تھا تم نے اسے سر پر چڑھا رکھا ہے۔ ہر جائز ناجائز بات پر اس کی جانب سے بول اٹھتی ہو —— یہ تمھاری طرفداری کرنے سے اور شہ پاتی ہے —— سودھا حیرت سے رامو کا منہ تک رہی ہے —— تصویر کا شیشہ ٹوٹ گیا۔ بن جائے گا۔ تونے جو اس کے تھپڑ مارا۔ کیا اس سے شیشہ جڑ جائیگا۔ ہر وقت لڑائی۔ چوبیس گھنٹے لڑائی۔ سوائے اسکے اور بھی کچھ آتا ہے۔ دیکھو ماں۔ رامو نے اسی لہجے میں بنکارنا شروع کیا۔ تم ہر بات میں مت بولا کرو۔ ہزار دفعہ تمھیں منع کیا ——

سامنے کھڑکی کا دروازہ کھلا ہوا تھا۔ رجنی پلنگ پر پیر لٹکائے بیٹھی ہوئی تھی۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا کے مست جھونکے اس کے پیچدار بالوں سے آنکھ مچولی کھیل رہے تھے۔ زمین پر پڑے ہوئے رسالے کے ورق الٹ رہے تھے —— مگر اس کا تو دوسرا ہی ورق اُلٹا تھا —— اُس نے کھڑکی کے قریب بچھی ہوئی میز پر اپنی دونوں کہنیاں ٹیک دیں —— آہ ! وہ اپنے کھوئے ہوئے مشفق و مہربان باپ کی نورانی صورت یاد کر رہی تھی۔ باپ کس بے چینی سے اس کی اسکول سے واپسی کا انتظار کیا کرتے تھے۔ جب تک رجنی کھانے پر شریک نہ ہو اُن سے کھانا کھایا ہی نہیں جاتا تھا۔ اب اُسے کون پیار کرے۔

اُس نے دیکھا وہ باپ کے سینے سے لگی ہوئی ہے۔ اُس کے آنسو پیارے پیارے ضعیفی کے ملائم ہاتھوں پر پڑ رہے ہیں۔ دو گرم گرم آنسو ڈھلک کر رخساروں پر بہ نکلے۔ وہ پھر چونک پڑی پتاجی۔ پتاجی —— باہر بڑے زور سے بارش ہو رہی تھی۔ کھڑکی میں

جو چک بندھی ہوئی تھی اس کی ڈوری لٹک رہی تھی۔ بارش کے قطرے اس ڈوری سے پھسل پھسل کر اس کے رخساروں پر پڑ رہے تھے وہ حیران تھی۔ باہر کے کمرے سے رامو کے گانے کی آواز آ رہی تھی ۔ " ساون کے نظارے ہیں ۔۔۔ آہا۔ آہا " اس نے آسمان پر اپنی نظریں گاڑ دیں۔ ایک سرد آہ اس کے کانپتے ہوئے لبوں تک آئی۔ اس کے مختصر کمرے میں دیواروں سے ٹکراتی ہوئی دور آسمانی فضاؤں میں کالے کالے بادلوں میں غائب ہو گئی۔

(سحاب آغا شاعر قزلباش)

رازِ ترقی

پہلے زمانے میں عورتوں کی تعلیم کی طرف کوئی خاص توجہ نہ کرتا تھا۔ بلکہ اگر کوئی لڑکی پڑھتی بھی تھی تو نہایت برا سمجھا جاتا تھا۔ اس لئے اس زمانے کی عورتیں جاہل سمجھی جاتی تھیں۔ اس زمانے میں اسکول وغیرہ بھی نہ تھے اور پھر آگے بڑھتے بڑھتے کئی اسکول کھولے گئے وہ بھی لڑکوں کے لئے۔ لیکن ان لوگوں نے یہ نہ سمجھا کہ لڑکوں کی بہ نسبت لڑکیوں کی پڑھائی ضروری اور فرض ہے اور پھر ایسا ہو گیا کہ تعلیم نے اتنی ترقی کی کہ لڑکیوں کی طرف بھی لوگ متوجہ ہوئے اور ان کی تعلیم کا خیال آیا۔ یہی وجہ ہے کہ کافی عرصے کے بعد عورتوں کی تعلیم شروع ہوئی اور دوسرے ملکوں کی عورتوں اور مردوں نے خوب ترقی کی اور ہمارا ہندوستان سب سے پیچھے رہ گیا۔ اور اس تعلیم کی بدولت ان لوگوں نے نئی نئی معلومات بڑھائیں نئی سے نئی کلیں (مشینیں) ایجاد کیں اور پھر ہندوستان والوں کو بھی تعلیم کا خیال آیا۔ اور زمانۂ حال میں ایسا ہو گیا ہے کہ لڑکیوں کی تعلیم مقدم سمجھی جانے لگی ہے اور اب ہندوستان کی لڑکیاں بھی ڈگریاں حاصل کر رہی ہیں اور مردوں کے برابر چلنے کی کوشش میں مصروف نظر آتی ہیں۔ اور امید ہے کہ آئندہ اس سے ملک اور قوم کی بہبودی میں کافی مدد ملے گی۔ لیکن اب بھی خاص کر مسلمانوں میں تعلیم نے اتنی ترقی نہیں کی۔ جتنی کہ اور غیر اقوام نے کی ہے حالانکہ لڑکیوں کی تعلیم کے بارے میں مسلمانوں کے مذہب میں فرض کا حکم ہے۔ لیکن افسوس ہے کہ جن کے مذہب میں لڑکی کو تعلیم دینا فرض ہے وہی اس کی قدر نہیں کرتے اور اسی لئے کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ لیکن ہندو اور کئی قوموں نے تعلیم نسواں کی طرف خاص توجہ کی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ ان کی لڑکیاں کافی تعداد میں لائق اور تعلیم یافتہ ہیں۔ مذہبی اور سیاسی ہر ایک کام میں مردوں کے برابر حصہ لے رہی ہیں۔ اگر آج مسلمان بھی اپنی لڑکیوں کو جہاں تک ہو سکتا تعلیم دلواتے اور گھر میں نہ بٹھاتے تو آج ہندوستان کے مسلمانوں کی حالت کچھ اور ہوتی۔ ترکی میں دیکھو وہ ایک اسلامی واحد جمہوری سلطنت ہے اور آج وہ سب سے طاقتور سلطنت ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کیوں ہے۔ اس لئے ہے کہ یہ سب تعلیم کا دور دورہ ہے اور تعلیم بھی صرف مردوں ہی کی نہیں بلکہ تعلیم نسواں بھی شامل ہے اور حالانکہ یہ طبقہ کسی زمانے میں کسی شمار میں نہ تھا اور ایک نہایت ہی خراب اور جہالت کی حالت میں تھا۔ اعتراض کیا جاتا ہے کہ عورتوں کو کیوں تعلیم دی جائے جبکہ انھیں نوکری نہیں کرنی ہے۔ لیکن تعلیم کا صرف یہی مقصد نہیں ہے کہ اس کے ذریعے سے روپیہ کمایا جائے۔ عورتیں تعلیم سے اور بہت کچھ فائدہ حاصل کر سکتی ہیں۔ اس سے بڑھ کر اور کیا فائدہ ہوگا کہ انھیں اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت میں بڑی آسانی ہوگی۔ اگر بچوں کی تربیت اچھی ہوگی تو وہ زندگی بھر والدین کی نیک نامی کا سبب رہیں گے۔ بچوں کی اچھی تربیت اور عزیز پرداخت تعلیم یافتہ ماؤں پر منحصر ہے۔ اس لئے جہاں تک

ہو سکے ہمیشہ اپنی لڑکیوں کو چھوٹی عمر سے تعلیم دلوانی چاہیے کہ وہ آئندہ آنے والے زمانے کا کاروبار آسانی سے اُٹھا سکیں۔ اور اُن کے بچے شروع ہی بہادر اور وطن سے محبت رکھنے والے بنیں اور جہاں تک ہو سکے اپنے مُلک کی فلاح اور بہبودی کے منصوبے سوچیں۔ یہ جب ہی ہو سکتا ہے جبکہ اُن کی مائیں خود تعلیم یافتہ ہوں تو وہ بچوں کی بھی اصلاح کر سکتی ہیں۔ ورنہ وہ کچھ بھی نہ کر سکیں گی۔ اب سوال یہ ہے کہ تعلیم کس قسم کی ہو؟

پس جاننا چاہیے کہ سب سے پہلی بات جو ضروری ہے وہ مذہبی تعلیم ہے۔ کیونکہ اس سے عورتوں کے اخلاق درست ہوتے رہینگے۔ ورنہ اگر اخلاق درست نہیں تو دُنیا کی کوئی تعلیم صحیح طور پر فائدہ نہیں دے سکتی۔ سچ ہے کہ علم ہی ایک ایسی چیز ہے جو ہر قسم کی ترقی کا زینہ ہو سکتی ہے۔

سعیدہ بیگم جماعت نہم

معلومات

(۱) دنیا کا سب سے بڑا ستارہ مشتری ہے (۲) دُنیا میں کُل 3564 زبانیں بولی جاتی ہیں۔ (۳) شہر پیکنگ کے قریب ایک پُل ہے جو سارے کا سارا چینی کا بنا ہوا ہے۔ (۵) سب سے پہلا فوجی ہسپتال حضرت عمر فاروقؓ نے بنایا۔ (۶) دنیا میں سب سے زیادہ بولی جانے والی چار زبانیں ہیں۔ اُن میں اُردو کا تیسرا نمبر ہے۔ (۷) شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر کی لڑائی میں توپ کا ایک گولہ جو موسیٰ ندی (حیدرآباد) کے سنگھم پر چلایا گیا تھا، ابھی تک گولکنڈہ کی فصیل پر موجود ہے۔

(سیدہ ناظمہ سُلطان۔ دہم)

لطائف

ماں (بیٹی سے) میں نے سُنا ہے کہ تم ہر کسی کو کمبخت کہتی ہو؟

بیٹی۔ نہیں اماں جان کسی کمبخت نے آپ سے جھوٹ کہا ہے۔

ماں۔ ننھے میاں! دیکھو شام ہوگئی مُرغی کے بچے دربے میں بند ہوگئے۔ تم بھی اندر چلے آؤ۔

بچہ۔ لیکن امان مُرغی کے بچوں کے ساتھ تو مُرغی بھی جاتی ہے۔

اُستاد (لڑکوں سے) بتاؤ انگریزوں نے ہندوستان کا نام انڈیا کیوں رکھا ہے؟

لڑکا:۔ کیونکہ ان کو انڈے بہت مرغوب ہیں۔

باپ (لڑکے سے) کیوں بیٹا تم آج سکول کیوں نہیں گئے۔

بیٹا۔ جی آج کی چھٹی ہے۔

باپ۔ کاہے کی؟

بیٹا۔ جی Haliday ہالیڈے کی۔

(سیدہ ناظمہ سلطان X)

رسولِ اکرمؐ کی سیرتِ اقدس پر ایک سرسری نظر

محمدؐ کی سیرت سے کچھ فیض لے کر — شہنشاہیاں کملی اوڑھے ہوئے کر
ذرا پیٹ پر باندھ فاقوں میں پتھر — یوں مرضیِ مولیٰ پہ جی اور مرے کر

اخلاقی اوصاف کے حسنِ تمام کا نمونہ بنی جس میں
مت و رأفت۔ شفقت۔ زہد۔ حسنِ معاملت۔ صفح جمیل
یثار۔ صبر و شکر۔ جود و سخا۔ حلم۔ تدبیرِ منزل۔ تنظیمِ قوم۔
سلوبِ بیان۔ حکمت و جامعیت۔ نظمِ عالم وغیرہ وغیرہ
ہزاروں عنوانات ہیں جن کے تحت حضورؐ کی مقدس زندگی
ے واقعات معیاری روشنی ڈالتے ہیں۔

عنوانات متذکرہ اگرچہ خود حضورِ اقدسؐ کی سیرت
ے ابواب ہیں لیکن میں صرف چند حرف ہر عنوان کے متعلق
یش کرتی ہوں۔

رحمت و رأفت جس قدر تکالیف آپ نے تبلیغ اسلام میں برداشت کی ہیں جس کی بابت
ود فرمایا ہے کہ کسی نبی کو ایسی تکلیف نہیں دی گئی جتنی کہ مجھ کو
ی گئی۔ اس مصلحِ عالم اور خیر خواہ بنی آدم کے گلے پر اونٹ کی
وجھڑی ڈالی گئی۔ سنگ باری کی گئی۔ اس کے قتل کے لئے
نعام مقرر کئے گئے۔ دندانِ مبارک شہید ہوا۔ ایڑیاں ان کے
پتھروں سے زخمی ہوئیں غرض کوئی جسمانی تکلیف ایسی نہ تھی جو
پہنچائی گئی ہو۔ اس کے مقابل کسی موقع پر اس شہنشاہِ عالم کو
اس شہنشاہِ عالم کو ان بدظن لوگوں کی مخالفت اور تکلیف پہنچانے
پر آمادہ نہیں دیکھا گیا۔ بلکہ ہمیشہ ان کی اصلاحِ حال کے اندر
حد سے زیادہ کوشش کرتے ہوئے پایا گیا۔

شفقت کا یہ حال تھا کہ قوم کی بوڑھی عورتوں اور
یتیموں کی خدمت اپنا شعار کر رکھا تھا۔ ایک دن رسول اللہ
بازار میں جا رہے تھے کہ انھوں نے دیکھا ایک اندھی عورت
ٹھوکر کھا کر گر پڑی اور بازار کے لوگ ہنسنے لگے۔ آپ کو رونا آگیا
اور آپ نے عورت کو اٹھایا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کے گھر تک
پہنچا دیا۔ پھر روز اس کے گھر پکا ہوا کھانا خود لے کر جاتے تھے۔

زہد آپ دیکھینگے کہ کفارِ مکہ آپ کو تبلیغ اسلام سے روکنے کے
لئے کیسے کیسے لالچ دیتے تھے اور دنیا کی تمام دولت کو آپ کیلئے
مہیا کرنے کا ذمہ لیتے تھے۔ حسین سے حسین عورتیں آپکی خدمت میں
پیش کرتے تھے مگر آپ ان چیزوں پر ذرا بھی توجہ نہیں دیتے تھے
اور ارشاد ہوتا ہے کہ اگر کفارِ مکہ میرے ایک ہاتھ پر سورج اور
ایک ہاتھ پر چاند رکھ دیں تب بھی میں اپنا کام چھوڑ کر ان کی طرف
ملتفت نہیں ہو سکتا۔ جس زہد کی عملی تعلیم صحابہ کرام کو آپ سے پہنچی
اس کی یہ تاثیر تھی کہ چار دانگ عالم میں سلطنتِ اسلام کو پھیلا کر بھی

شہنشاہیت کے عالم میں ٹاٹ کے کپڑے پہنتے تھے اور چمڑے کے پیوند لگاتے تھے اور جی بھر کر کسی رات نہیں سوتے تھے۔

حسنِ معاملت کی یہ کیفیت تھی کہ قبل از نبوت قوم کی طرف سے امین اور صادق کے القاب حضور کو دیئے گئے تھے۔ ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ ایک یہودی نے اپنے چند درم کے لئے جس کے لئے آپ مقروض تھے بہت بدتمیزی کے ساتھ ایسے وقت پر تقاضا کیا کہ حضور مجمع اصحاب میں رونق افروز تھے۔ اس کا یہ طرز یہ سب کو ناگوار گذرا۔ حضرت عمرؓ نے اس کو ڈانٹا تو حضور نے فرمایا کیا کرتے ہو۔ تم کو چاہیے کہ مجھکو قرض ادا کرنے کی ترغیب دو۔ اور اس کو نرمی سے تقاضا کرنے کی ہدایت کرو۔ پھر آپ نے قرض ادا کیا۔ اور قرض سے زیادہ رقم دلوائی۔ اور فرمایا کہ یہ بدلہ ہے اس ڈانٹ ڈپٹ کا جو تم کو دی گئی۔

صفحِ جمیل (یعنی درگذر اور معافی) حضورؐ کی ساری زندگی اس صفت کا آئینہ تھی۔ فتح مکہ کے دن ابوسفیان جیسے دشمن کو معافی اور مراعات عطا فرمایا۔ اکرمہ بن ابی جہل کو بعد خونِ بدر کے معافی اور ان کے حق میں دعائے خیر فرمایا۔ وحشی قاتلِ حضرت حمزہ کو معاف کر دیا گیا۔ ہندہ جس نے حضرت حمزہؓ کا کلیجہ چبایا تھا معاف کی گئی۔

ایثار ایثار کی مثالیں حضورؐ کی مقدس زندگی میں بےشمار ملیں گی۔ مگر خصوصیت سے حضرت سیدنا ابراہیم ابن رسول اللہ کی نعش کو حضرت امام حسین پر قربان کرنے کا واقعہ ہے کہ اپنے فرزند کو محض اس خیال سے کہ اس کا صدمہ تنہا مجھکو ہوگا اور حسینؓ کا صدمہ سیدنا علی اور حضرت فاطمہ زہرا دونوں کو ہوگا، منجانب اللہ پر حضرت ابراہیم کو نواسے پر قربان کر دیا۔

صبر و شکر کا ایک واقعہ عرض کرتی ہوں۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ایک دن حضورؐ ایک ایسی چادر اوڑھے ہوئے تھے جس کا کنارہ سخت تھا۔ ایک اعرابی آیا۔ اور اسے اس قدر سختی سے کھینچا کہ وہ آپ کی گردن میں پیوست ہو گئی۔ حضورؐ کا جسم مبارک نہایت لطیف و نازک تھا۔ گردن میں چادر کا پھندہ پڑنے سے سخت تکلیف ہوئی۔ اس اعرابی نے کہا کہ ہم لوگ بھوکے ہیں۔ آپ ہم کو کیوں نہیں دیتے۔ آپ نے فرمایا کہ تم میری گردن چھوڑ دو۔ میں تم کو دوں گا۔ اس نے کہا کہ میں اس وقت تک آپ کو نہیں چھوڑونگا جب تک آپ مجھکو دینگے۔ آپ مسکرا دیئے اور اس کو دو اونٹ عطا فرمائے جن پر کھجور اور جو لدے ہوئے تھے۔ اور ایسا بیان کیا گیا ہے کہ اونٹ وہ خود لایا تھا کہ ان پر آذوقہ لاد دیا جائے۔ حضورؐ نے اس کی خواہش پوری فرما دی۔ جب اس نے آپ کی گردن چھوڑی۔

چشتیہ کلاس IX

روزہ

خداوندکریم نے ہم پر پانچ فرائض عائد کئے ہیں۔ اور وہ نماز۔ روزہ۔ زکوٰۃ۔ حج، کلمہ ہیں۔ جوکہ ہر مسلمان پہ فرض ہیں مگر میں اِس وقت صرف روزہ کی بابت کچھ عرض کرنا چاہتی ہوں۔

رمضان شریف وہ مبارک مہینہ ہے جس میں خداوندکریم نے قرآن کریم نازل کیا۔ قرآن کریم انسان کا رہنما ہے اور انسان کے ظاہری اور باطنی مرضوں کے لئے شفاء اور بصیرت کے لئے ایک نور ہے جس سے انسان کا دل ودماغ روشنی حاصل کرتا ہے۔ جس طرح دنیا منور ہوتی ہے آفتاب سے۔

روزہ کا سب سے بڑا منشاء یہ ہے کہ انسان اپنے اندر ضبط النفس پیدا کرے اور اپنے عالی مقاصد کو پایۂ تکمیل تک پہنچائے۔ بغیر اسکے وہ اپنے مقاصد میں کامیابی حاصل نہیں کرسکتا۔

مگر کیا روزہ سے مقصد صرف فاقہ کرنا ہے؟ نہیں۔ دراصل اس سے یہ مقصد ہرگز ہرگز نہیں ہے۔ ہم کو کھانے پینے سے صرف اس وجہ سے روکا گیا کہ ہم فطری خواہشں پر قابو حاصل کرسکیں۔ اگر ہم قابو حاصل نہ کرسکیں تو روزے کا مقصد حاصل نہ ہوا۔ اور پھر ہمارے تمام دوسری خواہشات پر فتح پانا مشکل ہوگا۔ اگر ہم روزہ کے ذریعے اپنی جسمانی لذتوں پر قابو کرنا سیکھ لیں تو بہت سے عمدہ کام سرانجام دے سکتے ہیں۔ مگر افسوس ہم نے اس پہ اس قدر کاری ضرب لگائی ہے کہ اس مقصد کو بالکل ساقط کردیا ہے۔ اس میں تفصیل کی ضرورت نہیں۔ کیونکہ افطار اور سحر کی دلچسپیوں سے ہر ایک واقف ہے۔ اب ہمیں یہ خیال کرنا چاہیے کہ ہم روزہ کا حقیقی مقصد کس طرح حاصل کریں۔ اگر ہم کھانے پینے کے علاوہ دیگر تمام پا[بندیاں]
اپنے اوپر عائد نہ کریں تو ہمارا روزہ ہرگز بارگاہِ خداوندی میں قبو[ل نہیں]
ہمیں چاہیے کہ ہم بُری اور مذموم باتوں کے دیکھنے سے آنکھوں ک[و]
زبان کو جھوٹ۔ غیبت اور گالی گلوچ۔ چغلخوری۔ طعنہ زنی عیب[جوئی]
سے محفوظ رکھیں۔ اسی طرح اپنے جسم کے تمام اعضاء کو بُری اور مذ[موم]
باتوں سے بچائیں۔ اگر ایسا نہ ہو تو روزہ بجز فاقہ کشی کے کچھ نہ [ہوگا۔]
اس کے علاوہ ایک اور چیز ہے کہ خداوندکریم نے نزول قرآ[ن کے]
مہینے کو اِس عبادت کے لئے کیوں منتخب کیا۔ اگر ہم غور کریں تو
